★★★ آپ ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر

لاہور

روزنامہ

نوید پاکستان

بہاولنگر

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | گروپ ایڈیٹر: شہباز انجم رانا | منیجنگ ایڈیٹر، چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 30 | منگل، 02 جون 2026، 16 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 382

سندھ حکومت کا سالانہ بجٹ 3500 ارب لیکن کارکردگی صفر ہے

سیف الدین ایڈووکیٹ

کراچی کی ترقی میں اس وقت سب سے بڑی رکاوٹ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت اور قابض میئر ہیں، جناح ٹاؤن میں سڑکوں کا افتتاح وخطاب

سندھ حکومت و میئر رکاوٹیں نہ ڈالیں تو ایک ایک مسئلہ حل کر دیں، ایم کیو ایم نے کوارٹرز کے لوگوں کا کوئی مسئلہ حل نہیں کیا، قائم مقام امیر جماعت اسلامی کراچی

الدین ایڈووکیٹ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی | حکومت کا سالانہ بجٹ 3500 ارب روپے ہے لیکن | اسکی کارکردگی صفر (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 01)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قائم مقام امیر جماعت اسلامی کراچی و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف

خواجہ آصف کا لیسکو کے خلاف ٹویٹ، 3 اہلکار معطل

اس معاملے پر اعلیٰ سطح کی انکوائری جاری ہے، لیسکو حکام کا وضاحتی بیان

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کی جانب سے لیسکو کے خلاف کی گئی ٹویٹ کے بعد کارروائی کرتے ہوئے دو لائن مین اور ایک لائن سپرنٹنڈنٹ کو معطل (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 04)

حجاج کرام کی رخصتی کے ساتھ ہی سعودی عرب میں اگلے حج کی تیاریاں شروع

ریاض (نیوز ڈیسک) وہ لمحہ جب آخری حاجی مناسک ادا کرنے کے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 03)

73 سال بعد فرانس کا مس یونیورس مقابلے کا بائیکاٹ

مس یونیورس تنظیم نے فرانس میں انتظام براہ راست خود کرنے کا اعلان کر دیا

پیرس (نیٹ نیوز) فرانس کی تنظیم مس فرانس نے مس یونیورس 2026 میں شرکت نہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ تنظیم کا کہنا ہے کہ 2025 کے مقابلے کے دوران سامنے آنے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 02)

دفاعی انسداد دہشتگردی تعاون مزید بڑھانے کیلئے پاکستان اور چین کا اتفاق

کالعدم ٹی ٹی پی اور ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ کو علاقائی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، وزیر اعظم کے دورہ چین پر مشترکہ اعلامیہ

مشترکہ اعلامیہ میں مشرقِ وسطیٰ میں امن کے فروغ، ایران اور امریکہ کے درمیان عارضی جنگ بندی میں پاکستان کی کوششوں، اسلام آباد مذاکرات کو سراہا گیا

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ چین کے موقع پر ہونے والی ملاقاتوں، معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں سے متعلق پاکستان اور چین کا مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق دونوں ممالک نے افغانستان کے معاملے پر ایک دوسرے سے قریبی رابطہ رکھنے پر اتفاق کیا اور پاکستان اور چین کے درمیان اسٹریٹجک تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی، ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ (ای ٹی آئی ایم) (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 05)

شاہراہِ بھٹو شہریوں کیلئے انقلابی منصوبہ ثابت ہو رہی ہے، قاسم نوید قمر

ماضی میں جس سفر میں تین سے ساڑھے تین گھنٹے لگتے تھے، وہ اب تقریباً دو گھنٹوں میں طے ہو جاتا ہے

کراچی ایک عظیم میٹروپولیٹن شہر ہے جو دنیا کے بڑے شہروں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، شیر وزیر اعلیٰ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کے ترجمان اور مشیر برائے سرمایہ کاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ قاسم نوید قمر نے کہا ہے کہ شاہراہِ بھٹو کراچی کے شہریوں کے لیے ایک انقلابی منصوبہ ثابت ہو رہی ہے، جس کے باعث سفر کے وقت میں نمایاں کمی آئی ہے اور عوام کو بڑی سہولت میسر آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سے ٹنڈو محمد خان کے سفر کے دوران انہوں نے خود اس منصوبے کے ثمرات کا مشاہدہ کیا۔ ماضی میں جس سفر میں تین سے ساڑھے تین گھنٹے لگتے تھے، وہ اب (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 07)

پاکستانی ڈاکیومنٹری دی ایمر جنسی ایگزٹ کو بین الاقوامی سطح پر ایوارڈ مل گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی فلم سازوں کو بین الاقوامی سطح پر ایک اور اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ماہ نور بتول اور شاہ نواز احمد خان کی دستاویزی فلم ''دی ایمر جنسی ایگزٹ'' نے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 06)

لاہور: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے امریکی قونصل جنرل اسٹیسن سینڈرز ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں محرم کے چاند کی رویت سے متعلق پیشگوئی کر دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے گورنر سندھ کو اس لیے ہٹایا کہ وہ ان کے غیر قانونی کاموں میں رکاوٹ تھے، جہاں جہاں قبضہ مافیا آپریٹ کر رہا ہے، ہم آواز اٹھائیں گے اور قبضہ مافیا کو اب کراچی والے معاف نہیں کریں گے

لاہور (نیوز ڈیسک) رویت ہلال ریسرچ کونسل نے پاکستان میں محرم الحرام کے چاند سے متعلق پیش گوئی کر دی۔ رویت ہلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 09)

گورنر سندھ پیپلز پارٹی کے غیر قانونی کاموں میں رکاوٹ تھے، فاروق ستار

جہاں جہاں قبضہ مافیا آپریٹ کر رہا ہے، ہم آواز اٹھائیں گے اور قبضہ مافیا کو ایم کیو ایم چیلنج کرتی ہے، رہنما ایم کیو ایم

اس بار بڑی تیاری کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں اتریں گے، قبضہ مافیا کو اب کراچی والے معاف نہیں کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے گورنر سندھ کو اس لیے ہٹایا کہ وہ ان کے غیر قانونی کاموں میں رکاوٹ تھے، جہاں جہاں قبضہ مافیا آپریٹ کر رہا ہے، ہم آواز اٹھائیں گے اور قبضہ مافیا کو ایم کیو ایم چیلنج کرتی ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا ہے کہ ہائی کورٹ کے فیصلے کے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 10)

حیدرآباد: گرمی میں ڈیوٹی دینے والوں پولیس اہلکاروں کو ٹی پولیس کی طرف سے پانی اور جوس فراہم کیا جا رہا ہے۔

حجاج کرام کی وطن واپسی کا سلسلہ شروع ہو گیا

پہلی پرواز کے مسافروں کا اسلام آباد پہنچنے پر پرتپاک استقبال، تمام حجاج کو ہار بھی پہنائے گئے

پی آئی اے کی بعد ازحج پروازوں کے ذریعے سے 53 ہزار سے زائد حجاج کرام واپس پہنچیں گے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پی آئی اے نے اپنے بعد ازحج آپریشن کا آغاز کر دیا ہے۔ پی آئی اے کی پہلی حج پرواز پی کے 742 کے ذریعے 114 مسافر جدہ سے اسلام آباد پہنچے۔ پرواز کا استقبال اسلام آباد کے چیف آپریٹنگ آفیسر آفتاب گیلانی نے کیا اور حجاج کو ہار پہنائے۔ اس موقع پر ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس اور پی آئی اے کے اعلیٰ عہدیداران بھی موجود تھے۔ ترجمان کے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 08)

پاکستانی ڈاکیومنٹری دی ایمر جنسی ایگزٹ کو بین الاقوامی سطح پر ایوارڈ مل گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی فلم سازوں کو بین الاقوامی سطح پر ایک اور اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ماہ نور بتول اور شاہ نواز احمد خان کی دستاویزی فلم ''دی ایمر جنسی ایگزٹ'' نے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 06)

جمالی پل کے قریب پولیس مقابلہ، 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

موٹر سائیکل سوار ملزمان لوٹ مار کر کے فرار ہو رہے تھے، پولیس کو دیکھ کر فائرنگ کر دی

گرفتار ملزمان کو سپتال منتقل کر دیا گیا، شناخت اور سابقہ مجرمانہ ریکارڈ حاصل کیا جا رہا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں تھانہ سائٹ سپر ہائی وے پولیس کا جمالی پل کے قریب ڈاکوں سے مقابلہ، فائرنگ کے تبادلے میں دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق موٹر سائیکل سوار ملزمان شہریوں سے لوٹ مار کر کے فرار ہو رہے تھے کہ پولیس کے پہنچنے پر ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے تبادلے میں دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے جبکہ ملزمان سے غیر قانونی اسلحہ، شہریوں کا سامان اور موٹر سائیکل برآمد ہوا ہے۔ پولیس نے گرفتار زخمی ملزمان کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کی شناخت اور سابقہ مجرمانہ ریکارڈ حاصل کیا جا رہا ہے۔

ہم کچے میں آپریشن جاری رکھے ہوئے ہیں گاڑیاتی کام بھی کرینگے

مراد علی شاہ

وزیر اعلیٰ سندھ کا رہڑکی دربار آمد، گدی نشین سائیں سادھ رام کے انتقال پر ان کے ورثا اور ہندو برادری سے افسوس

سائیں سادھ رام ایک نہایت محبت کرنے والے انسان تھے، ان سے کئی ملاقاتیں رہیں، سید مراد علی شاہ کی بات چیت

میر پور ماتیلو (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ رہڑکی دربار پہنچے، گدی نشین سائیں سادھ رام کے انتقال پر ان کے ورثا اور ہندو برادری سے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، صوبائی وزیر ایکسائز کمیش کمار چالہ، صوبائی مشیر بحالی گیان چند ایسرانی، ایم پی اے امداد علی چانڈیو اور چیئرمین ضلع کونسل گھوٹکی ہنگلاج خان مہر بھی موجود تھے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ رہڑکی دربار پہنچے اور ہندو برادری کے روحانی پیشوا اور صوبائی وزیر ایکسائز کمیش کمار چالہ، گدی نشین سائیں سادھ رام کے انتقال پر ان کے ورثا سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ سائیں سادھ رام ایک نہایت محبت کرنے والے انسان (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 11)

جنگ بندی کے باوجود امریکا کا ایران پر فضائی حملہ مذاکراتی عمل کو دھچکا

نئی جنگ ہوئی تو جواب پہلے سے زیادہ خطرناک ہوگا، ایران

امریکی فوجیوں اور جنگی بحری جہازوں کی حفاظت کے لیے یہ کارروائی ضروری تھی، امریکی افواج کو ایرانی فوجی سرگرمیوں سے خطرہ محسوس ہو رہا تھا، ترجمان سینٹ کام

کسی بھی ممکنہ حملے کا دائرہ صرف خطے تک محدود نہیں رہے گا بلکہ اس کے اثرات علاقائی حدود سے باہر بھی جا سکتے ہیں، ترجمان ایرانی مسلح افواج کی وارننگ جاری

واشنگٹن، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) جنگ بندی اور مذاکرات کی کوششوں کے دوران امریکا نے جنوبی ایران میں فضائی حملے کیے، جس میں ڈرون لانچنگ تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ سینٹکام نے بتایا کہ بارودی سرنگیں بچھانے والی ایرانی کشتیوں کو بھی نشانہ بنایا۔ امریکی فوج جاری جنگ بندی کے دوران تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکی افواج کا دفاع کرے گی۔ سی این این کی رپورٹ کے مطابق سینٹرل کمانڈ کے ترجمان مگھی کنزنے بتایا کہ امریکی فوجیوں اور جنگی بحری جہازوں کی حفاظت کے لیے یہ کارروائی ضروری تھی، امریکی افواج کو ایرانی فوجی سرگرمیوں سے خطرہ محسوس ہو رہا تھا۔ اس سے پہلے ایران کے شہر بندر عباس میں کئی دھماکوں کی آوازیں سنی گئی تھیں۔ ایرانی میڈیا نے کہا تھا کہ بندر عباس میں صورتحال کنٹرول میں ہے اور تشویش کی کوئی بات نہیں ہے۔ ایران کی مسلح افواج کے ترجمان نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے خلاف کسی بھی قسم کی نئی جارحیت کی گئی تو اس کا سخت اور پہلے سے زیادہ شدید جواب دیا جائے گا۔ ایرانی مسلح افواج کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران ہر قسم کے خطرات اور حملوں کا بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے اور مستقبل میں کسی بھی کارروائی کی صورت میں ردعمل پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ سخت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر خطے میں نئی جنگ مسلط کی گئی تو ایران کا جواب نہ صرف شدید بلکہ زیادہ وسیع اور پرتشدد بھی ہو سکتا ہے۔ ترجمان کے مطابق ایران اپنے قومی مفادات اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ ایرانی فوجی ترجمان نے یہ بھی واضح کیا کہ کسی بھی ممکنہ حملے کا (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 12)

نارووال: وفاقی وزیر مصنوبہ بندی و ترقی احسن اقبال عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں۔

نوجوان نسل کو تمباکو سے بچانا مشترکہ ذمہ داری، وزیر اعلیٰ سندھ

تمباکو نوشی انسانی صحت کے لیے ایک خاموش قاتل ہے اور اس سے بچاؤ وقت کی اہم ضرورت ہے

تمباکو نوشی متعدد مہلک بیماریوں کی جڑ ہے، جو دل، پھیپھڑوں اور دیگر خطرناک امراض کا سبب بنتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم انسداد تمباکو نوشی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ تمباکو نوشی انسانی صحت کے لیے ایک خاموش قاتل ہے اور اس سے بچاؤ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو تمباکو نوشی جیسی مضر عادت سے محفوظ رکھنا حکومت، والدین، اساتذہ اور سماج کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے عوام سے اپیل کی کہ صحت مند سماج کے قیام کے لیے تمباکو نوشی سے دور رہیں اور دوسروں کو بھی اس کے نقصانات سے آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمباکو نوشی صرف ایک عادت نہیں بلکہ متعدد مہلک بیماریوں کی جڑ ہے، جو دل، پھیپھڑوں اور دیگر خطرناک امراض کا سبب بنتی ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت انسداد تمباکو سے متعلق آگاہی مہمات کو مزید مؤثر بنا رہی ہے جبکہ تعلیمی اداروں میں نوجوانوں کو تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے آگاہ (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 16)

گلگت بلتستان انتخابات کی سیکیورٹی کیلئے پنجاب پولیس سے نفری طلب

لاہور (نیوز ڈیسک) گلگت بلتستان انتخابات کی سیکیورٹی کیلئے پنجاب پولیس سے نفری طلب کر لی گئی۔ پنجاب پولیس (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 15)

اگلے دو ماہ میں نئے حج کی بکنگ مکمل ہونے کا امکان ہے، سردار محمد یوسف

سعودی حکومت کی نئی ٹائم لائن کے تحت حج پالیسی رواں سال جون میں ہی وفاقی کابینہ میں پیش کر دی جائے گی، وزیر مذہبی امور

وزیر مذہبی کا حج 2026 کے کامیاب انعقاد، دوسرے سال بین الاقوامی کیٹیگم ایکسی لنس اور پرائیوٹ حج سکیم کو تین ایوارڈ ملنے کا اعلان

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے حج 2026 کے کامیاب انعقاد اور پاکستان کو مسلسل دوسرے سال بین الاقوامی کیٹیگم ایکسی لنس اور پرائیوٹ حج سکیم کو تین ایوارڈ ملنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں سال بہترین انتظامات کی بدولت شکایات کا تناسب ایک فیصد سے بھی کم رہا، روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ سے 80 فیصد عازمین نے فائدہ اٹھایا، سعودی حکومت کی نئی ٹائم لائن کے تحت حج پالیسی 2027 رواں سال جون میں ہی وفاقی کابینہ میں پیش کر دی جائے گی جس میں پہلے آ، پہلے پاؤ کی پالیسی برقرار رہے گی، اگلے دو ماہ میں نئے حج کی بکنگ مکمل ہونے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 17)

بحری ناکہ بندی سفارتکاری سے غداری ہے، ایران

واشنگٹن مذاکرات میں حد سے بہت زیادہ مطالبات کر رہا ہے، محسن رضائی

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محسن رضائی نے کہا کہ ایران کی بحری ناکہ بندی امریکی صدر کی سفارتکاری سے غداری ہے۔ ایرانی سپریم لیڈر کے مشیر محسن رضائی نے ایرانی ٹی وی کو اتوار کے روز انٹرویو میں کہا کہ واشنگٹن مذاکرات میں حد سے زیادہ مطالبات کر رہا ہے، امریکی اقدامات سے سفارتی عمل پر اعتماد مجروح ہوا، ایران پر دباؤ کی پالیسی مذاکرات کے منافی (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 18)

سہیل آفریدی ناراض ایم پی ایز کو منانے کے لیے متحرک ہو گئے

وزیر اعلیٰ کا کئی ناراض ارکان سے ٹیلی فونک رابطہ، تحفظات سے متعلق پارٹی کی مرکزی قیادت کو بھی آگاہ کیا

وزیر اعلیٰ سے ضلع خیبر کی مجموعی ترقی سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا، رکن KP اسمبلی عبدالغنی آفریدی

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی ناراض ایم پی ایز کو منانے کے لیے متحرک ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سہیل آفریدی رات گئے ایم پی اے عبدالغنی آفریدی کی رہائش گاہ پہنچے۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق کابینہ میں شامل نہ کرنے پر عبدالغنی آفریدی نے ناراضگی ظاہر کی تھی۔ وزیر اعلیٰ نے کئی ناراض ارکان سے ٹیلی فونک رابطہ بھی کیا ہے اور ان ارکان کے تحفظات سے متعلق پارٹی کی مرکزی قیادت کو بھی آگاہ کیا۔ پارٹی ذرائع نے کہا کہ مرکزی قیادت نے وزیر اعلیٰ کو ناراض ارکان کو اکوموڈیٹ کرنے کی گزارش کی ہے۔ دوسری جانب رکن خیبر پختون خوا اسمبلی عبدالغنی آفریدی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سے ضلع خیبر کی مجموعی ترقی سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عبدالغنی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سے عوام کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق بھی گفتگو ہوئی۔

سعودی عرب میں آٹھ ہزار افراد گرفتار

غیر قانونی پناہ دینے پر 15 سال قید اور 10 لاکھ ریال تک جرمانہ ہوگا

ریاض (نیوز ڈیسک) سعودی سیکیورٹی اداروں نے ایک ہفتے کے اندر مملکت کے تمام علاقوں میں قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے 8090 افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ رہائش، لیبر اور بارڈر سیکیورٹی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کی نگرانی اور گرفتاری کے لیے مشترکہ مہموں کے نتیجے میں رہائشی نظام کی خلاف ورزی کرنے والے 4266 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ سعودی وزارت داخلہ کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق بارڈر سیکیورٹی قانون کی خلاف ورزی کرنے پر 2653 اور لیبر قانون کی خلاف ورزی کرنے پر 1171 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ مملکت کے (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 14)

ایرانی پاسداران انقلاب کا امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 13)

اشیا خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ

ہر مصالحہ جات سبزی مہنگی

ٹماٹر کی قیمت 120 روپے سے تجاوز کر گئی، لیموں 500 روپے کلو، ادرک لہسن 550 سے 600 روپے کلو فروخت ہونے لگا

دھنیے پودینے کی گڈی کی قیمت بھی دگنی، گوشت گلانے کیلئے کچا پپیتا 150 سے 200 روپے کلو فروخت کیا جا رہا ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) عید قرباں پر ہرے مصالحہ جات کی قیمت بڑھ گئی جبکہ ٹماٹر، ادرک، لہسن اور لیموں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ شہر میں گزشتہ ہفتے تک 60 روپے کلو فروخت ہونے والے ٹماٹر کی قیمت 120 روپے سے تجاوز کر گئی، لیموں 500 روپے کلو، (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 20)

بغیر اجازت آبنائے ہرمز سے سفر کی کوشش خطرناک ہوگی، ایرانی فوج

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی فوج نے کہا ہے کہ اجازت کے بغیر آبنائے ہرمز سے سفر کی کوشش خطرناک ہوگی۔ غیر ملکی (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 19)

ڈیل پر دستخط ہوتے ہی آبنائے ہرمز کھول دی جائے گی

معاہدے کے بہت قریب ہیں، جو ہم چاہتے ہیں وہ ایران سے حاصل کر رہے ہیں، امریکی صدر

ایران کے ساتھ ایک اچھی ڈیل نہ ہوئی تو دوبارہ فوجی آپریشن کرنا پڑے گا، ٹی وی انٹرویو میں بات چیت

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ نہ صرف ایٹمی ہتھیار نہیں بنائے گا بلکہ ایٹم بم خریدیا گا بھی نہیں۔ انہوں نے یہ بات ٹی وی انٹرویو میں کہی۔ جمعہ کو صدر ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کیا تھا مگر اب کہا ہے کہ ڈیل پر دستخط ہوتے ہی آبنائے ہرمز کھول دی جائے گی۔ صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکا اور ایران معاہدے کے بہت قریب ہیں، جو ہم چاہتے ہیں وہ ایران سے حاصل کر رہے ہیں۔ امریکی صدر (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 23)

شمالی علاقہ جات میں گلیشئر تیزی سے پگھلنے لگے

کئی مقامات پر خطرناک سیلابی صورتحال پیدا ہوئے کا اندیشہ ظاہر کر دیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) شدید دھوپ اور ریکارڈ گرمی کی بدولت شمالی علاقہ جات میں گلیشئر تیزی سے پگھلنے لگے جس کی وجہ سے دریائے سندھ میں پانی کے بہاؤ میں تیزی دیکھنے کو مل رہی ہے جبکہ جناح اور چشمہ بیراجز کے مقامات پر پانی کے بہاؤ میں خاطر خواہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، اور پانی کی امد اور اخراج میں بھی ہو رہا ہے آگر گرمی کی شدت میں مزید اضافہ ہوا تو شمالی علاقوں میں گلیشئر کے پگھلنے میں تیزی سے اضافہ ہوگا اور دریائے سندھ اور چشمہ بیراج اور جناح بیراج کے مقامات پر بھی سیلابی صورتحال پیدا ہوئے کا اندیشہ ظاہر کیا گیا ہے۔

ایران جنگ کے باعث امریکی صارفین پر 60 ارب ڈالر کا اضافی بوجھ

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 22)

محرم الحرام میں سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد

سوشل میڈیا پر قابل اعتراض پوسٹیں شیئر کرنے پر کئی ملزمان کو گرفتار کیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) محرم الحرام میں امن وامان کو برقرار رکھنے اور مذہبی ہم آہنگی کے لئے امن کمیٹیوں کو فعال کر کے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد پھیلانے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا گیا جس کے تحت سرگودھا میں دو اور منڈی میں مقدمہ درج کر کے پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ زرائع کے مطابق محرم الحرام میں امن و امان کو برقرار رکھنے اور (باقی صفحہ نمبر 03 بقیہ نمبر 21)

سکردو: حلقہ نمبر 3 میں (ن) لیگ کے امیدوار اجمل حسین کے حق میں ہونے والے اجتماع میں بڑی تعداد میں لوگ شریک ہیں

صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر کو ہیوٹر شن کمپلیکس دھوبی گھاٹ مری کے دورے کے موقع پر انتظامی امور بارے بریفنگ دی جا رہی ہے۔

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران گرجاکھروں کے دورہ کے دوران فنری کو ڈیوٹی کے متعلق بریف کر رہے ہیں۔

بوڑھا باپ اپنی زندگی کی جمع پونجی کا راز بتاتا ہے

والدین کی خاموش قربانیاں کبھی نظرانداز نہ کی جائیں، اہم سبق

سعید اقبال گل لاہور سے ایک بوڑھے باپ کو اس کی اولاد روز یہی طعنہ دیتی تھی آپ نے ہمارے لیے کیا بنایا ہے؟ باپ خاموشی سے سنتا، دل پر پتھر رکھتا اور کچھ نہ کہتا۔ ہر صبح یہی سوال، یہی شکایت اور یہی ناشکری اس کے حصے میں آتی، مگر وہ صبر کا دامن نہ چھوڑتا۔ وقت گزرتا گیا، یہاں تک کہ اس کی زندگی کے آخری دن آ پہنچے۔ بستر مرگ پر لیٹے ہوئے اس نے اپنے بچوں کو ایک کاغذ تھمایا، جس پر لکھا تھا اس گھر کے نیچے میری عمر بھر کی جمع پونجی دفن ہے۔ ایک بڑا خزانہ ہے، میرے بعد اسے نکال لینا۔ یہ پڑھتے ہی بچوں کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ انہوں نے بڑے اہتمام سے باپ کو دفن کیا اور اگلے ہی دن خزانے کی تلاش میں پورے گھر کو گرا دیا۔ دیواریں، چھت، آنگن، سب ملبے کا ڈھیر بن گئے۔ گھنٹوں کی کھدائی کے بعد انہیں ایک چھوٹا سا صندوق ملا۔ بے چینی سے اسے کھولا تو اندر صرف ایک پرچی تھی، جس پر لکھا تھا اگر تم واقعی اتنے ہی قابل ہو تو پہلے اس گھر کو دوبارہ بنا کر دکھاؤ، جسے میں نے اپنی جوانی، محنت، پسینے اور قربانیوں سے تعمیر کیا تھا۔ تمہارے سوال کا جواب خود مل جائے گا کہ میں نے تمہارے لیے کیا بنایا ہے۔ بچے خاموش کھڑے تھے۔ اب نہ خزانہ تھا، نہ گھر، نہ وہ باپ جس کی قدر کر لیتے۔ حقیقت یہ ہے کہ آج بہت سے نوجوان یہ سوال تو کر لیتے ہیں کہ والدین نے ہمارے لیے کیا چھوڑا ہے؟ مگر یہ نہیں سوچتے کہ والدین نے اپنی خواہشیں، اپنی جوانی، اپنی نیندیں اور اپنی زندگی کے بہترین سال ان کی خاطر قربان کر دیے۔ کچھ احسان ایسے ہوتے ہیں جو جائیداد کے کاغذات میں نہیں ملتے، وہ ماں باپ کی جھریوں، تھکے ہوئے ہاتھوں اور خاموش قربانیوں میں لکھے ہوتے ہیں۔

کاموںکے میں تین لڑکوں نے کمسن بچی کی مدد سے زیادتی کی

صدر پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا

کاموںکے (کرائم رپورٹر) تین لڑکوں نے کمسن بچی کو باری باری جنسی زیادتی کا نشانہ بنادیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ رات ٹبہ محمد نگر کی چھ سالہ (ا ف) محلہ دار چھ سالہ بچی کھیلنے کیلئے اپنے گھر لے گئی جہاں پہلے سے موجود دس سے تیرہ سال کے تین لڑکوں حسیب، عثمان اور عمر نے بچی کو باری باری جنسی ہوس کا نشانہ بنادیا۔ جبکہ اسد نامی لڑکا دھیان رکھتا رہا۔ صدر پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا ہے۔۔۔

عارفوالہ میں امام حسینؑ کی شہادت پر بہترین انتظامات کی تعریف

ضلع پاکپتن کی انتظامیہ نے عزاداری کے لیے فول پروف انتظامات کیے

عارفوالہ (محمد اکمل شاہد) عارفوالہ میں (18 جیٹھ) حضرت امام حسینؑ کی شہادت کے سلسلے میں منعقد ہونے والی مجالسِ عزا اور ماتمی جلوس کے بہترین انتظامات پر ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن جاوید اقبال کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ عارفوالہ میں حضرت امام حسین کی شہادت کے سلسلے میں منعقد ہونے والی مجالسِ عزا اور ماتمی جلوس کے لیے ضلعی و تحصیل انتظامیہ کی جانب سے فول پروف انتظامات کیے گئے۔ انجمن اثنا عشری جسٹرڈ عارفوالہ کے سرپرست اعلیٰ سید محمد ہادی زیدی۔ صدر رائے امان اللہ جنرل سیکرٹری سید مزمل نصیر زیدی نے تمام اداروں کا شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا سیکیورٹی کے لیے پنجاب پولیس اور ایلیٹ فورس کے جوان تعینات رہے، جبکہ جلوس کے مکمل روٹس اور ملحقہ گلیوں میں قناتیں اور خاردار تاریں لگا کر راستوں کو محفوظ بنایا گیا۔ جلوس کی نگرانی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے کی گئی۔ ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کی رہنمائی کے فرائض احسن انداز میں سرانجام دیے۔ سترا پنجاب کے ورکرز نے جلوس کے راستوں کی صفائی، واٹشنگ اور عرقِ گلاب کے چھڑکاؤ کا اہتمام کیا۔ ماتمی عزاداروں، زنجیر زنی اور قمہ زنی کرنے والوں کو طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ریسکیو 1122 کی ٹیم ریسکیو انچارج محمد مرسلین کی نگرانی میں موجود رہی، جبکہ محکمہ صحت کے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عمر صابر اور ان کی ٹیم نے ابتدائی طبی امداد کی خدمات انجام دیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر سترا پنجاب کی جانب سے میٹھے پانی کی سبیلوں کا بھی اہتمام کیا گیا، جسے عزاداروں نے سراہا۔ واپڈا، سول ڈیفنس اور دیگر متعلقہ اداروں نے بھی اپنے فرائض مؤثر انداز میں انجام دیتے ہوئے انتظامات کو کامیاب بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گیا

ٹریفک حادثات میں متعدد افراد شدید زخمی، طبّی امداد فراہم کی گئی

کاموکے (وقار احمد سے) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز ہڑڑ روڈ کا صابر موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں بلال پارک محمد عمر، شریف پورہ کا محمد احد، سادھوکی کا محمد آصف، پینتالیس سالہ محمد امجد، سلامت پورہ کا سولہ سالہ شاہنواز، کوٹ رفیق کی سعدیہ اور پرانی آبادی کا عثمان شدید زخمی ہو گیا۔ زخمیوں کو طبّی امداد کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

ایس پی سی ٹی ڈی خالد محمود اعوان کی پیشہ ورانہ خدمات قابلِ تحسین

خالد محمود اعوان کی قیادت میں پولیس کی کارکردگی میں بہتری

ایس پی سی ٹی ڈی خالد محمود اعوان کی پیشہ ورانہ خدمات قابلِ تحسین اسلام آباد: ایس پی سی ٹی ڈی خالد محمود اعوان محکمہ پولیس کے اُن ممتاز اور باصلاحیت افسران میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے اپنی جرات، دیانتداری اور غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے محکمہ پولیس میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ جرائم پیشہ عناصر اور دہشت گردی کے خلاف مؤثر حکمتِ عملی اپنانے اور کامیاب آپریشنز کی قیادت کرنے کے باعث وہ عوامی و سرکاری حلقوں میں قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ خالد محمود اعوان نے اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران ہمیشہ قانون کی بالادستی، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کو اولین ترجیح دی۔ ان کی مضبوط قیادت، بروقت فیصلے اور انتھک محنت نے نہ صرف پولیس فورس کی کارکردگی میں نمایاں بہتری پیدا کی بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی مزید مستحکم کیا۔ سماجی، عوامی اور صحافتی حلقے ایس پی سی ٹی ڈی خالد محمود اعوان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں ایک فرض شناس، نڈر اور قابل فخر پولیس افسر قرار دیتے ہیں۔ ان کی پیشہ ورانہ کامیابیاں نوجوان پولیس افسران کے لیے مشعلِ راہ ہیں اور محکمہ پولیس کے وقار میں اضافے کا باعث بن رہی ہیں۔

ضلع وزیر آباد میں صحت کی سہولیات کی کمی کا انکشاف

وزیر آباد کے سرکاری ہسپتال کو ڈسٹرکٹ لیول کا درجہ نہ مل سکا

وزیر آباد (ڈاکٹر کاشف عمران مغل) وزیر آباد: وزیر آباد کو ضلع کا درجہ ملے ایک عرصہ گزر گیا ہے لیکن ضلع لیول کی سہولیات نہ ہونے سے ضلع وزیر آباد کے اداروں کی کارکردگی متاثر ہو رہی ہے۔۔ عوام ضلع کے فوائد سے استفادہ حاصل نہ کر سکے، ضلع وزیر آباد کے سرکاری ہسپتال کو ڈسٹرکٹ لیول کا درجہ نہ ملنے کی وجہ سے نرسری کی سہولیات کا فقدان ہے، نرسری کی فعالیت کے لئے ڈی ایچ کیو لیول کا درجہ ہونا چاہئے۔۔ انجمن بہبودی مریضاں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے زیر اہتمام پنجاب بھر کے ٹی ایچ کیو ہسپتالوں کے مقابلے میں وزیر آباد کے سرکاری ہسپتال کے آپریشن تھیٹر میں جدید لیپر وسکوپی کی مشین فراہم کر دی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سرپرست انجمن بہبودی مریضاں طاہر رفیق منہاس نے انجمن بہبودی مریضاں کے ماہانہ اجلاس میں کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر نعیم اللہ گھمن، افتخار حسین صدیقی، محمد اکبر بٹ، افتخار احمد بٹ، صوفی محمد اشرف نثار، حاجی حبیب الرحمن، عبد الرحمن چوہدری، محمد الیاس مہر، محمد اسلم جتالہ، ڈاکٹر سید رضا سلطان، خواجہ محمد شعیب، حاجی محمد اشفاق مغل، کاشف محمود خان، ہدایت اللہ، اعجاز حسین، سکندر ملک، قاری عبدالخالق، زبیر احمد، محمد عاصم جمیل و دیگر بھی موجود تھے۔ ایم ایس ڈاکٹر نعیم اللہ گھمن نے کہا کہ مختلف علاقوں کے ہسپتالوں میں فرائض کی سرانجام دہی کے دورانیہ میں وزیر آباد ہسپتال میں انجمن بہبودی مریضاں کے پراجیکٹس اپنی مثال آپ ہیں۔۔۔ تحصیل لیول پر انجمن بہبودی مریضاں نے سرکاری ہسپتال میں ڈائیلسز سنٹر، فری ڈسپنسری، ہسپتال کی لیبارٹری، ہسپتال کے آپریشن تھیٹر میں لیپر وسکوپی جیسی سہولیات فراہم کر کے ہسپتال انتظامیہ اور حکومت پنجاب کے صحت مند پنجاب پروگرام کو تقویت فراہم کی ہے۔ افتخار حسین صدیقی نے بتایا کہ گزشتہ ماہ مئی میں ڈائیلسز شعبے میں 798 مریضوں کا ڈائیلسز، فری ڈسپنسری سے 2820 مریضوں میں فی مریض پانچ دن کی دوائی فراہم کی گئی۔۔ انجمن کے ڈیڈ باڈی کولڈ سٹوریج میں چار ڈیڈ باڈیز کو رکھا گیا۔ اس موقع پر بابائے صحافت پریس کلب وزیر آباد کے صدر افتخار احمد بٹ کے بھائی نثار احمد بٹ مرحوم، محمد اسلم سپال ایڈووکیٹ، محمد ادریس سپال ایڈووکیٹ کے بھتیجے مرحوم، قاری محمد اشرف مرحوم کے لئے بلندی درجات کی دعا محمد الیاس مہر نے کروائی۔۔۔

پکی نہر خانسر روڈ پر کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر

ایک بچہ جانبحق، موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہوا، رانا محمد حنیف

بھکر رانا محمد حنیف ڈپٹی بیورو چیف روز نامہ نوید پاکستان پکی نہر خانسر روڈ پر کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر ایک بچہ جس کی عمر تقریباً 10 سال موقع پر جانبحق 50 سالہ موٹر سائیکل سوار شدید زخمی کار سوار موقع سے فرار

بیرسٹر ملک فلک شیر لنگڑیال کی آرائیں برادری سے ملاقات

آرائیں برادری نے PP 204 میں بیرسٹر ملک فلک شیر کی حمایت کا اعلان کیا



چیچہ وطنی چکنمبر 5/14 ایل بیرسٹر ملک فلک شیر لنگڑیال رامیدوار برائے MPA - PP 204 نے چکنمبر 5/14 ایل میں آرائیں برادری کے معززین سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والوں میں شامل: 1. میاں ریاض آرائیں 2. میاں حبیب آرائیں 3. میاں عبداللطیف آرائیں 4. میاں طارق صدر آرائیں اتحاد 5. میاں عبدالستار آرائیں 6. میاں یسین آرائیں ممبر 7. میاں احمد یسین آرائیں 8. حکیم منیر احمد آرائیں 9. حافظ عثمان آرائیں ملاقات میں علاقے کے مسائل، برادری کے اتحاد اور PP 204 کی ترقی کے لائحہ عمل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ معززین نے بیرسٹر صاحب کی عوامی خدمت کے جذبے کو سراہا اور PP 204 میں بھرپور حمایت کا اعلان کیا۔ بیرسٹر ملک فلک شیر لنگڑیال نے معززین کی محبت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آرائیں برادری ہمیشہ سے ترقی اور امن کی علامت رہی ہے۔ ان شاءاللہ مل کر حلقہ کو مثالی بنائیں گے۔

مرحوم عبدالغفور گڈگور کی پہلی سالانہ برسی عقیدت سے منائی گئی

قرآن خوانی اور ذکر واذکار کی محفل میں بڑی تعداد میں شرکت

شیر گڑھ (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق سینئر صحافی، معروف کاروباری شخصیت اور سن شائن سولر انرجی شیر گڑھ کے اونر ملک محمد ظہور گڈگور اور حکیم علی شیر گڈگور کے والدِ محترم مرحوم عبدالغفور گڈگور کی پہلی سالانہ برسی نہایت عقیدت احترام کے ساتھ منائی گئی برسی کی تقریبات کا آغاز نمازِ فجر کے بعد قرآن خوانی سے کیا گیا قرآن پاک کی تلاوت کی سعادت حافظ محمد زین گڈگور احمد رضا گڈگور، عثمان گڈگور، اصغر علی، نور حسن گڈگور، نومی اور دیگر بچوں سمیت متعدد افراد نے حاصل کی قرآن خوانی نماز ظہر تک با قاعدہ جاری رہی شرکاء نے نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ کلامِ الٰہی کی تلاوت سنی نمازِ ظہر کے بعد ایک روح پرور محفلِ ذکر واذکار کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ بھر سے ہر مکتبۂ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام معززینِ علاقہ صحافی برادری سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام الناس نے بڑی تعداد میں شرکت کی محفل میں حافظ اللہ دتہ حافظ ندیم الحسن حافظ محمد زین اور دیگر قراء کرام نے اپنی خوبصورت اور دلنشین آوازوں میں قرآن مجید کی تلاوت کی جبکہ نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں درود و سلام اور نعتِ رسولِ مقبول ﷺ کا نذرانہ پیش کیا گیا محفل میں موجود شرکاء نے انتہائی عقیدت اور محبت کے ساتھ تلاوتِ کلامِ پاک اور درود و سلام کو سماعت کیا اس موقع پر مقررین نے مرحوم عبدالغفور گڈگور کی نیک سیرت خوش اخلاقی مہمان نوازی دیانت داری اور سماجی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک باااخلاق، ملنسار اور دین سے محبت رکھنے والی شخصیت تھے جنہوں نے اپنی زندگی خدمتِ خلق اور اعلیٰ انسانی اقدار کے فروغ کے لیے وقف کر رکھی تھی محفل کے اختتام پر مرحوم عبدالغفور گڈگور کے ایصالِ ثواب مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی اجتماعی دعا کروائی گئی دعا میں ملک و قوم کی سلامتی ترقی خوشحالی اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے بھی خصوصی دعائیں مانگی گئیں برسی کی تقریب میں شرکت کے لیے آنے والے مہمانوں کے لیے وسیع لنگر کا انتظام کیا گیا منتظمین نے تمام مہمانوں کی بھرپور تواضع کی اور شرکاء نے مرحوم کے اہلِ خانہ خصوصاً ملک محمد ظہور گڈگور ان کے برادر حکیم علی شیر گڈگور کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا تقریب کے اختتام پر شرکاء نے مرحوم عبدالغفور گڈگور کے درجات کی بلندی اور اہلِ خانہ کے لیے صبر جمیل کی بھی دعا کی

ایف آئی اے ساہیوال نے انسانی سمگلر کو گرفتار کر لیا

لاہور ہائی کورٹ سے ضمانت خارج ہونے پر محمد افضل کی گرفتاری

ساہیوال ڈپٹی بیورو چیف شاہ بہرام مان فیروزی لاہور ہائی کورٹ سے عبوری ضمانت خارج ہونے پر ایف آئی اے ساہیوال نے انسانی سمگلر کو گرفتار کر لیا، ساہیوال کے رہائشی محمد افضل ولد نثار حسین نے محمد وقاص ولد محمد انور اور محمد سہیل کو بیرون ملک بھیجنے کا جھانسہ دے کر ان سے ایک کروڑ 14 لاکھ روپے کی نقدی بٹور لی اور بعد ازاں ہر طانیہ کا ویزہ دینے سے انکاری ہو گیا جس پر محمد وقاص نے تھانہ ایف آئی اے ساہیوال میں محمد افضل کے خلاف مقدمہ درج کروایا تو محمد افضل نے ہائی کورٹ لاہور سے عبوری ضمانت حاصل کر لی، گزشتہ روز لاہور ہائی کورٹ نے محمد افضل کی عبوری ضمانت خارج کر دی تو ایس ایچ او تھانہ ایف آئی اے ساہیوال چوہدری خالد سعید وتھرا اور ان کی ٹیم نے اسے موقع پر ہی گرفتار کر لیا۔

سلانوالی انتظامیہ نے پنجاب سلک سنٹر پر جرمانہ عائد کیا

کلاک ٹاور پر بغیر اجازت اشتہار آویزاں کرنے پر کارروائی

سلانوالی (بیورو چیف مہر سردار احمد سپراء سے) کلاک ٹاور مونومنٹ پر اشتہار آویزاں کرنے پر پنجاب سلک سنٹر کے خلاف انتظامیہ کی کارروائی۔ سلانوالی انتظامیہ نے سرکاری املاک کے تحفظ اور شہری خوبصورتی برقرار رکھنے کے لیے کارروائی کرتے ہوئے کلاک ٹاور اور بلاک 3 مونومنٹ پر تجارتی اشتہار آویزاں کرنے پر پنجاب سلک سنٹر کے مالکان پر 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ انتظامیہ کے مطابق سرکاری عمارتوں، یادگاروں اور عوامی مقامات پر بغیر اجازت اشتہارات، بینرز یا تشہیری مواد آویزاں کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔ اسی سلسلے میں کلاک ٹاور پر لگایا گیا کاروباری اشتہار ہٹانے کے ساتھ ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انتظامی حکام کا کہنا ہے کہ سرکاری املاک عوامی امانت ہیں اور ان کا تجارتی مقاصد کے لیے غیر قانونی استعمال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ حکام نے خبردار کیا کہ آئندہ بھی سرکاری املاک پر غیر قانونی اشتہارات، بینرز اور وال چاکنگ کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی تاکہ شہر کی خوبصورتی اور سرکاری املاک کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد شروع کیا

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عوامی مسائل کا فوری حل فراہم کرنے کی یقین دہانی

چنیوٹ: (دانیال فضل سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی درخواستوں صفائی ستھرائی، تجاوزات، صحت، تعلیم، نکاسی آب اور دیگر بلدیاتی مسائل کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام درخواستوں کو مقررہ وقت میں میرٹ پر حل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی شکایات کے ازالے میں غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور شہریوں کو فوری ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق شریف عوام کے لیے دفاتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں اور افسران عوامی مسائل کے حل کے لیے فیلڈ میں متحرک رہیں۔ انہوں نے تمام ضلعی افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ان کے مسائل توجہ سے سنیں اور ان کا قابل عمل اور دیرپا حل یقینی بنائیں تاکہ شہریوں کا سرکاری اداروں پر اعتماد مزید مضبوط ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، شفافیت اور گڈ گورننس کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے جبکہ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

پنجاب حکومت کا ای گورننس کے فروغ کے لیے اہم اقدام

چیف سیکرٹری پنجاب نے ای فاس سے دفاتر کو منسلک کرنے کی ہدایات دیں

لاہور کومل ناز سے پنجاب حکومت کا صوبے میں ای گورننس کے فروغ کے لیے ایک اور اہم اقدام محکموں کی ای فاس پر کامیابی سے منتقلی کے بعد پنجاب بھر کے تمام اضلاع کے سرکاری دفاتر کو بھی پیپر لیس کرنے کی ہدایات جاری چیف سیکرٹری پنجاب نے اضلاع کے تمام سرکاری دفاتر کو بھی ای فائلنگ اینڈ آفس آٹو میشن سسٹم (ای فاس) سے منسلک کرنے کی ہدایات جاری کر دیں روایتی فائل سسٹم ختم ہونے اور ای فاس کے نفاذ سے پنجاب حکومت کو سالانہ اربوں روپے کی بچت ہو رہی ہے سول سیکرٹریٹ میں چیف سیکرٹری پنجاب کی زیرِ صدارت سیکرٹریز کانفرنس ایڈیشنل چیف سیکرٹری، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور تمام محکموں کے سیکرٹریز کی شرکت تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے سرکاری امور میں شفافیت اور تیزی کے لیے پنجاب حکومت کے آئی ٹی اقدامات کامیابی کی مثال ہیں۔ چیف سیکرٹری کم جولائی سے تمام فیلڈ دفاتر بھی خط و کتابت صرف ای فاس کے ذریعے کرنے کے پابند ہوں گے۔ چیف سیکرٹری چیف سیکرٹری کی جانب سے آئی ٹی اصلاحات پر شاندار کارکردگی پر پی آئی ٹی بی کی تعریف چیف سیکرٹری نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر صوبہ بھر میں شاندار صفائی آپریشن کو سراہا عید کے موقع پر صفائی کے بہترین انتظامات پر انتظامی افسران اور فیلڈ ٹیمیں مبارکباد کی مستحق ہیں۔ چیف سیکرٹری

***

کاموںکے نے صفائی ستھرائی میں ضلع بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کی

عیدالاضحیٰ پر صفائی کے مثالی انتظامات پر شہریوں نے سراہا

کاموںکے (تحصیل رپورٹر پیر فضل احمد نقشبندی سے) سترا پنجاب اتھارٹی کاموںکے نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تحصیل کاموںکے کو ضلع بھر میں نمایاں پوزیشن دلوادی۔ بہترین منصوبہ بندی، موثر نگرانی اور دن رات محنت کے باعث صفائی ستھرائی کے میدان میں تحصیل کاموںکے نے دیگر علاقوں پر سبقت حاصل کر لی عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے مثالی انتظامات کو شہریوں نے بے حد سراہا گلی محلوں، بازاروں اور اہم شاہراہوں پر بروقت صفائی اور قربانی کی آلائشوں کی فوری منتقلی و تلفی کو یقینی بنایا گیا جس کے باعث شہریوں کو صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول میسر آیا اس کامیابی کا کریڈٹ اسسٹنٹ کمشنر کاموںکے ڈاکٹر زرغونہ خالد، بی ایم سترا پنجاب اتھارٹی انصر بھٹہ اور تحصیل منیجر رانا عثمان کو جاتا ہے جنہوں نے بہترین قیادت، موثر حکمت عملی اور مسلسل نگرانی کے ذریعے صفائی کے نظام کو مزید فعال اور منظم بنایا شہریوں، سماجی حلقوں اور تاجر برادری نے سترا پنجاب اتھارٹی کی پوری ٹیم کو شاندار کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عید کے دنوں میں صفائی کے بہترین انتظامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی اسی جذبے، محنت اور ذمہ داری کے ساتھ عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی کا ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے: صبا اصغر علی

سیالکوٹ (ڈپٹی بیورو چیف سہیل چوہدری) 01 جون 2026:۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے شہر میں جاری مختلف بیوٹیفکیشن اور ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا اور کاموں کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے پیرس روڈ کا دورہ کرتے ہوئے دیواروں پر بنائے گئے آرٹ ورک اور نقش و نگار، روڈ کے اطراف شجر کاری، لین لائن مارکنگ اور سائن بورڈز کی تنصیب کا معائنہ کیا۔ انہوں نے شہریوں کو خوبصورت، منظم اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے روڈ فرنیچر اور کوبلز کی تنصیب کے حوالے سے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں اور جاری کاموں کے معیار اور رفتار کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے اقبال لائبریری پیرس روڈ کا دورہ کیا اور جاری تزئین و آرائش کے منصوبے کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو منصوبہ بروقت اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ شہریوں کو بہتر تعلیمی اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جا سکے۔

مطالعاتی سہولیات میسر آ سکیں۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے اقبال منزل و لائبریری بازار بیوٹیفکیشن پراجیکٹ پر جاری کام کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے منصوبے پر تعمیراتی سرگرمیوں کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واسا، میونسپل کارپوریشن اور دیگر متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور مؤثر کوآرڈینیشن کے ذریعے منصوبے کی بروقت تکمیل اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کی تلقین کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہری انفراسٹرکچر کی بہتری، تاریخی و ثقافتی مقامات کی بحالی اور شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے آگوکی کے دورہ کے دوران بیوٹیفکیشن پراجیکٹ کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیے جائیں اور تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جا سکے۔

ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان کی ہدایت پر کارروائی

منشیات فروش سرفراز گرفتار، 10 کلو گرام چرس برآمد

خصوصی نمائندہ الہ اباد ملک عبیداللہ قصور/ منشیات کا بڑا ڈیلر لاکھوں روپے مالیت کی 10 کلو گرام چرس سمیت گرفتار قصور۔ ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان کی ہدایت پر تھانہ کنگن پور پولیس کی کاروائی قصور۔ ایس ایچ او اغازی کامران شہزاد پر مشتمل ٹیم نے بدنام زمانہ منشیات فروش سرفراز سکنہ اٹاری آکیکے کو گرفتار کر لیا قصور۔ ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 10 کلو گرام چرس برآمد، مقدمہ درج قصور۔ ملزم خفیہ ادارے کی فہرست میں شامل ہونے کے علاوہ ضلع لاہور اور قصور میں 05 منشیات کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے قصور۔ ملزم عرصہ دراز سے منشیات کا مکروہ کا دھندہ کر کے کنگن پور کی نوجوان نسل کو تباہ کر رہا تھا قصور۔ ڈی پی او آفتاب احمد پھلروان نے ملزم کی گرفتاری اور منشیات کی برآمدگی پر تھانہ کنگن پور پولیس کو شاباش دی ڈسٹرکٹ پولیس قصور

پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور ترقی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، صلاح الدین جونیجو

صلاح الدین جونیجو نے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا، عوامی حمایت پر زور

سانگھڑ (بیورو رپورٹ ولید ھیسبانی) پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور ترقی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، صلاح الدین جونیجو پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی صلاح الدین جونیجو نے کہا ہے کہ مخالفین بے جا واویلا کر کے پیپلز پارٹی کے ترقیاتی مشن کو روکنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہوئے سندھ بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا رہی ہے۔ ایسا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب شہداد پور اور ٹنڈو آدم کے مختلف علاقوں میں مکمل ہونے والی ترقیاتی اسکیموں کی افتتاحی تقریبات اور عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مظہر جونیجو، حسنین قادر جونیجو، زاہد حسین عمرانی، سالم ابڑو، خدابخش جتوئی، سکندر ڈیرو، شریف چھٹو اور دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ صلاح الدین جونیجو نے گاؤں محمد عالم ساند روڈ، گولو پیر روڈ، گاؤں جان محمد باگرانی، چنیسر باگرانی، فتح محمد باگرانی، رانو ل کنب ڈاٹھوں روڈ، شہداد وواہی، غنی پورہ محمد ایوب باگرانی روڈ، شہداد پور تا محمد بُرڑو روڈ، غلام حسین جونیجو وایا چھٹا موری روڈ اور گاؤں حسن جمیل روڈ سمیت متعدد سڑکوں اور ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ مختلف مقامات پر شہریوں اور کارکنوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ گاؤں محمد عالم ساند میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی تمام تر توجہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پر مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خاندان کی تیسری نسل بھی عوامی خدمت میں مصروف ہے اور ہمیشہ لوگوں کے درمیان رہی ہے۔ صلاح الدین جونیجو نے کہا کہ جو س

بقیہ 01

اورنا اہلی و کرپشن عروج پر ہے، جبکہ دوسری طرف جماعت اسلامی کا ایک ٹاؤن جس کا بجٹ بمشکل ایک ارب روپے ہے، اسی میں وہ تنخواہیں بھی ادا کرتا ہے اور ترقیاتی کام بھی کرائے جاتے ہیں، سندھ حکومت اور میئر رکاوٹیں نہ ڈالیں تو ایک ایک مسئلہ حل کردیں، کراچی کی ترقی میں اس وقت سب سے بڑی رکاوٹ پیپلز پارٹی کی حکومت اور قابض میئر ہیں، سرکاری کوارٹرز کے لوگوں کو ایم کیو ایم نے ہمیشہ جھوٹے وعدوں سے بے وقوف بنایا، ہر حکومت میں شامل ہونے کے باوجود ایم کیو ایم نے کوئی مسئلہ حل نہیں کیا۔ پیپلز پارٹی نے اپنے 18 سالہ دور میں کراچی کو تباہی کے دہانے پر پہنچادیا ہے، اس وقت شہر کا انفرا اسٹرکچر تباہ حال ہے، سڑکیں ٹوٹی پھوٹی ہیں، جگہ جگہ سیوریج کا پانی بہہ رہا ہے، نصف سے زائد آبادی پینے کے پانی سے محروم ہے، کراچی سندھ کے بجٹ کا 95 فیصد ادا کرتا ہے، لیکن اہل کراچی پھر بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جناح ٹاؤن یو سی 1 پاکستان کوارٹرز میں مسجد الفردوس تا الماری والی گلی اور منگل داس کمپاؤنڈ بلاک E میں سڑکوں کی ازسرِ نو تعمیر کے افتتاح کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ افتتاحی تقریب میں ٹاؤن چیئرمین رضوان عبد السمیع، سابق رکنِ قومی اسمبلی محمد حسین محنتی، اراکینِ کونسل راؤ محسن، ٹاؤن کونسلر اسمٰعیل بلوچ، چیئرمین یو سی 5 کلیم الحق عثمانی، جماعت اسلامی کے علاقائی عہدیداران، معززینِ علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے ترقیاتی کاموں کو علاقہ مکینوں کے لئے خوش آئند قرار دیتے ہوئے بلدیاتی نمائندوں کی کاوشوں کو سراہا۔ سیف الدین ایڈووکیٹ نے مزید کہا کجھاعت اسلامی شہر کو بحال کرنا اور اس کی رونقیں دوبارہ لوٹانا چاہتی ہے، جماعت اسلامی کے عبدالستار افغانی اور نعمت اللہ خان کے ادوار میں کراچی میں بے مثال ترقیاتی کام ہوئے، نوجوان حق دو کراچی تحریک میں جماعت اسلامی کا دست وبازو بنیں اور کراچی کے مسائل حل کرنے میں جماعت اسلامی کا ساتھ دیں، جدوجہد کرنے سے ہی مسائل حل ہونگے، گزشتہ بلدیاتی الیکشن میں اہل کراچی نے جماعت اسلامی کو سب سے زیادہ ووٹ دیئے لیکن پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت نے دھونس دھاندلی سے پہلے ہماری جیتی ہوئی یونین کمیٹرز اور 4 ٹاؤنز چھینے اور پھر میئر شپ پر بھی قبضہ کرلیا، اسی وجہ سے اس وقت کراچی کی صورتحال انتہائی ابتر ہے، پہلے بلدیاتی انتخابات میں عوامی مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا گیا پھر عام انتخابات میں ایم کیو ایم' جو کراچی سے ایک پولنگ بوتھ تک نہ جیت سکی لیکن اس کو درجنوں کے حساب سے صوبائی اور قومی اسمبلی کی سیٹیں دے دی گئیں، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے اپنے 9 ٹاؤنز نہ محدود وسائل واختیارات میں دن ورات ترقیاتی کام اور اہل کراچی کی خدمت کررہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ سندھ حکومت سے وسائل واختیارات لینے کی بھی جدوجہد کررہے ہیں، اگر سندھ حکومت ٹاؤنز کے بجٹ میں تھوڑا سا بھی اضافہ کردے تو ہم اپنی یوسی کی ایک ایک اندرونی گلی کو بھی بنادیں گے اور پانی سمیت تمام مسائل حل کردیں گے، لیکن پیپلز پارٹی نے سارے اداروں پر قبضہ کررکھا ہے اور وسائل واختیارات دینے کو تیار نہیں، اس کے باوجود جماعت اسلامی دیانت وامانت کے ساتھ اہل کراچی کے مسائل حل کررہی ہے، کراچی کا سب سے بڑا مسئلہ پیپلز پارٹی ہے یہ دور ہو جائے تو سب مسئلے حل ہو جائیں۔

بقیہ 02

والی متعدد انتظامی خرابیوں اور تنازعات کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ مس فرانس کی انتظامیہ کے مطابق بین الاقوامی مقابلے کی موجودہ سمت، پالیسیاں اور اقدار اب ہمارے معیار اور اصولوں سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ تنظیم نے واضح کیا ہے کہ یہ فیصلہ صرف 2026 کے ایڈیشن کے لیے ہے اور مستقبل میں حالات بہتر ہونے پر اس کی واپسی کا امکان موجود ہے۔ مس فرانس کے صدر فریڈرک ویلیہیر نے کہا ہے کہ مس یونیورس ہمیشہ فرانس کی عالمی نمائندگی کا اہم پلیٹ فارم رہا ہے تاہم اپنی اقدار اور شناخت کا تحفظ ہماری اولین ذمے داری ہے۔ دوسری جانب مس یونیورس تنظیم نے ردِعمل دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 2026 سے فرانس میں مقابلے کی نگرانی اور انتظام براہِ راست مس یونیورس تنظیم خود کرے گی تاکہ عالمی معیار اور پیشہ ورانہ نظام کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔

بقیہ 03

بعد اپنے ملک کی طرف روانہ ہو کر مشاعرِ مقدسہ کو خیر باد کہتا ہے، اسی لمحے سعودی عرب الگلے حج سیزن کی تیاریاں پہلے ہی شروع کر چکا ہوتا ہے۔ سعودی عرب میں حج کی کامیابی کو ایک اختتامی مرحلے کے بجائے منصوبہ بندی اور ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز سمجھا جاتا ہے۔ سعودی عرب ضیوف الرحمن (اللہ کے مہمانوں) کی خدمت کے لیے سال بہ سال نئے ہونے والے اصلاح وارتقاء کے عمل سے گزرتا ہے، جرائم پیشہ افراد کی آماجگاہ بنتا جارہا ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا کہ کراچی کی ساری زمین کی لیز کے ایم سی کو دینی چاہیے، میئر کراچی کی ذمے داری ہے کہ وہ قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کریں، کے ایم سی کے افسران قبضہ مافیا کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، میں جب میئر تھا تو ہل پارک کے جگہ پر قبضہ ختم کروایا تھا۔

بقیہ 04

معطل کردیا گیا ہے۔ ایکسیئن پھول نگر ڈویژن کے مطابق معطل کیے گئے اہلکاروں میں لائن سپرنٹنڈنٹ محمد حسین، لائن مین شوکت اور لائن مین فلک شیر شامل ہیں۔ لیسکو حکام کے مطابق گاؤں میں 200 کلوواٹ کا ٹرانسفارمر جلنے کے بعد 100 کلوواٹ کا ٹرانسفارمر نصب کیا جا رہا تھا تاہم مقامی افراد اور خواجہ آصف کے کوآرڈینیٹر نے عملے کو کام سے روک دیا۔ ایکسیئن پھول نگر نے کہا کہ انہوں نے خود چک 27 کا دورہ کیا اور کسی کے لیسکو عملے کو رقم دینے کا کوئی ثبوت سامنے نہیں آیا۔ ذرائع کے مطابق خواجہ آصف نے شکایت کی تھی کہ ان کے ملازم کے گاؤں کا ٹرانسفارمر 80 ہزار روپے مینہ رشوت کے بعد تبدیل کیا گیا۔ دوسری جانب ذرائع لیسکو نے بتایا کہ ایک شخص شبیر نے گاؤں سے رقم اکٹھی کی جس کا لیسکو سے کوئی تعلق نہیں۔ لیسکو حکام کے مطابق معاملے پر اعلیٰ سطح کی انکوائری جاری ہے جبکہ چیف ایگزیکٹو لیسکو کے نوٹس پر ڈائریکٹر سرد پلننس اینڈ انسپکشن ٹیم تحقیقات کررہی ہے۔

بقیہ 05

اور کسی گروہ کو کوئی زمین استعمال کر کیلاقائی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، کسی گروہ کو دہشتگردی کی سرگرمیاں کرنے کی بھی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اعلامیے میں کہا گیا کہ مشرقِ وسطیٰ میں امن کے فروغ، ایران اور امریکہ کے درمیان عالمی جنگ بندی میں پاکستان کی کوششوں، اسلام آباد مذاکرات کو سراہا گیا۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان نے ون چائنا پالیسی پر مکمل حمایت کا اعادہ کیا اور کہا کہ پاکستان تائیوان کے معاملے پر چین کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ چین نے پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کیلئے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا اور سی پیک 2.0 کے اعلیٰ معیار کی ترقی اور گوادر پورٹ کو علاقائی رابطہ مرکز بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دفاعی اور انسداد دہشتگردی تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان میں چینی شہریوں اور منصوبوں کی سیکورٹی مزید سخت بنانے کا عزم ظاہر کیا گیا۔ دفاعی وسیکورٹی تعاون کے شعبے میں انسداد دہشتگردی

بقیہ 06

نیپال میں منعقدہ ''کٹھمنڈو ڈاک لیب'' میں ''اسپرٹ آف ڈاک لیب ایوارڈ'' اپنے نام کرلیا۔ یہ ڈاکیومینٹری پارا چنار سے تعلق رکھنے والے فلم سازوں ماہ نور بتول اور شاہ نواز احمد خان نے مشترکہ طور پر بنائی ہے۔ ڈاکیومنٹری میں روزمرہ زندگی میں غیر یقینی حالات میں لوگوں کی جدوجہد اور مشکلات کے باوجود ثابت قدمی کو موضوع بنایا گیا ہے۔ یہ منصوبہ پاکستان سے منتخب ہونے والا واحد پروجیکٹ تھا جو تقریب میں دیے گئے چار ایوارڈز میں سے ایک حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ دیگر تین ایوارڈز بھارتی فلموں کو دیے گئے، جبکہ مقابلے میں نیپال، بھوٹان اور بنگلادیش کے منصوبے بھی شامل تھے۔

بقیہ 07

تقریباً دو گھنٹوں میں طے ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہِ بھٹو منصوبہ نہ صرف شہریوں کے لیے سہولت کا باعث بنا ہے بلکہ روزانہ گزرنے والی 18 سے 20 ہزار گاڑیوں کے لیے ایندھن کی بچت اور وقت کی بچت بھی یقینی بنا رہا ہے۔ قاسم نوید قمر نے کہا کہ کراچی ایک عظیم میٹروپولیٹن شہر ہے جو دنیا کے بڑے شہروں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، تاہم انفرا اسٹرکچر کی کمی ایک بڑا چیلنج تھی۔ سندھ حکومت نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مختلف منصوبوں کے ذریعے اس خلا کو پر کرنے کی کوشش کی ہے، جن میں شاہراہِ بھٹو ایک نمایاں مثال ہے۔

بقیہ 08

مطابق پی آئی اے کا حج آپریشن 30 جون تک جاری رہے گا۔ پی آئی اے جدہ اور مدینہ منورہ سے اسلام آباد، لاہور، کراچی، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ اور کوئٹہ کی پروازیں آپریٹ کرے گا۔ پی آئی اے بعد از حج آپریشن میں کل 213 پروازیں آپریٹ کرے گا جن کے ذریعے سے 53 ہزار سے زائد حجاج کرام وطن واپس پہنچیں گے۔ پی آئی اے نے حجاج کرام کی خدمت کی خاطر تمام اقدامات مکمل کرلئے ہیں اور آپریشن کی نگرانی سی ای او پی آئی اے از خود کررہے ہیں۔

بقیہ 09

اعجاز مفتی کے مطابق نیا چاند 15 جون 2026 کو پاکستانی وقت کے مطابق صبح 7 بج کر 54 منٹ پر پیدا ہوگا تاہم اسی روز غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر پاکستان کے تمام علاقوں میں 12 گھنٹوں سے بھی کم ہوگی، جبکہ ہلال کی رویت کے لیے عموماً چاند کی عمر 18 گھنٹے سے زائد ہونا ضروری سمجھی جاتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ غروبِ شمس اور غروبِ قمر کے درمیان وقفہ بھی رویت ہلال کے لیے اہم ہوتا ہے۔ 15 جون کی شام کراچی میں یہ فرق 37 منٹ جبکہ پشاور میں 42 منٹ ہوگا، تاہم چاند کی کم عمر کے باعث رویت کے امکانات موجود نہیں ہوں گے۔ خالد اعجاز مفتی کے مطابق چاند کی عمر 18 گھنٹوں سے کم ہونے کی وجہ سے مطلع صاف ہونے کی صورت میں بھی 15 جون کی شام ہلال کی رویت تنگی آنکھ، دوربین یا حتیٰ کہ ٹیلی سکوپ کے ذریعے بھی ممکن نہیں ہوگی۔ رویت ہلال ریسرچ کونسل کے مطابق ذوالحجہ 1447 ہجری کے 30 دن مکمل ہونے کے بعد یکم محرم الحرام 1448 ہجری بدھ 17 جون 2026 کو ہوگی۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ نئے اسلامی سال کے آغاز یعنی محرم الحرام کے چاند کی رویت کا شرعی اور حتمی اعلان مرکزی رویت ہلال کونسل کرے گا۔

بقیہ 10

خلاف این او سی کیسے دی گئی؟ قصے کی جگہ گواقوانی جواز فراہم کیا گیا، 162 ایکڑ ہل پارک کی زمین ہے، اب قبضہ نہیں چلے گا۔ فاروق ستار نے کہا کہ اس بار بڑی تیاری کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں اتریں گے، قبضہ مافیا کو اب کراچی والے معاف نہیں کریں گے، 18 سال سے کراچی کو قبضہ مافیا کے حوالے کیا جارہا ہے، پی ای سی ایچ سوسائٹی کی زمینوں پر قبضہ لیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کو وفاق کے حوالے کرنے کی بات پہلی بار نہیں ہو رہی ہے، 1947 سے 1970 تک کراچی وفاق کے انڈر رہا۔ انہوں نے کہا کہ شہری پہاڑیاں کاٹ کر پلاٹ نکالے جارہے ہیں اور مہنگے داموں فروخت کیے جارہے ہیں، وسیم اختر اور میرے میئرشپ کے دور میں بھی پہاڑیاں کاٹی جارہی تھیں، رہائشی پلاٹس پر بھی کمرشل سرگرمیاں ہورہی ہیں، پوچھنے والا کوئی نہیں، اس وقت زمینوں پر قبضے ہورہے ہیں، جرائم بڑھ رہے ہیں اور کراچی جرائم پیشہ افراد کی آماجگاہ بنتا جارہا ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا کہ کراچی کی ساری زمین کی لیز کے ایم سی کو دینی چاہیے، میئر کراچی کی ذمے داری ہے کہ وہ قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کریں، کے ایم سی کے افسران قبضہ مافیا کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، میں جب میئر تھا تو ہل پارک کے جگہ پر قبضہ ختم کروایا تھا۔

بقیہ 11

تھے، ان سے کئی ملاقاتیں رہیں، وہ ہمیشہ مسکراتے رہتے اور سب کا خیال رکھتے تھے۔ ان کے انتقال سے ایک بڑا خلا پیدا ہوگیا ہے۔ امید ہے کہ ان کے پیروکار سائیں سادھو رام کے امن اور محبت کے پیغام پر عمل کرتے رہیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ روہنی کچے میں بڑا مسئلہ تھا، تاہم سندھ حکومت نے اس حوالے سے اقدامات کیے ہیں جس کے باعث پہلے کی نسبت کافی بہتری آئی ہے۔ کچے میں آپریشن جاری رہے گا اور ترقیاتی کام بھی کروائے جائیں گے تاکہ وہاں کے رہائشیوں کو سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ 12

دائرہ صرف خطے تک محدود نہیں رہے گا بلکہ اس کے اثرات علاقائی حدود سے باہر بھی جاسکتے ہیں۔ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، ایران امریکا مذاکرات اور آبنائے ہرمز سے متعلق صورتحال عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ دفاعی ماہرین کے مطابق ایران کے حالیہ بیانات خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور ممکنہ فوجی تصادم کے خدشات کو ظاہر کرتے ہیں جبکہ عالمی طاقتیں سفارتی حل تلاش کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔

بقیہ 13

ادارے کے مطابق اتوار کو جاری ایک بیان میں ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا کہ ایرانی علاقائی حدود میں داخل ہونے والے ایک امریکی ڈرون کو مار گرایا ہے، ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے کے مطابق امریکی ایم کیو ون ڈرون نے ایران کے خلاف دشمنانہ کارروائی کی کوشش کی۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ایرانی دفاعی نظام نے فوری ردِعمل دیتے ہوئے اسے نشانہ بنا کر تباہ کردیا، ڈرون کا بروقت سراغ لگا لیا گیا تھا اور پاسدارانِ انقلاب کے جدید دفاعی میزائلوں کے ذریعے اسے مار گرایا گیا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ایران کی خودمختاری اور علاقائی حدود کی خلاف ورزی کرنے والی کسی بھی کارروائی کا فیصلہ کن اور سخت جواب دیا جائے گا۔

بقیہ 14

اندر سرحد عبور کرنے کی کوشش کے دوران گرفتار ہونے والے افراد کی کل تعداد لگ بھگ 1176 تھی جن میں سے 25 فیصد یمنی شہری تھے۔ 68 فیصد اتھوپیائی شہری تھے۔

دیگر قومیتوں کے افراد 7 فیصد رہے۔ غیر قانونی طریقے سے مملکت سے باہر سرحد عبور کرنے کی کوشش پر 71 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ اعداد وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ سیکورٹی اداروں کی مہموں کے نتائج میں رہائش، لیبر اور بارڈر سیکورٹی کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو منتقل کرنے، پناہ دینے، کام پر رکھنے اور ان پر پردہ ڈالنے میں ملوث 13 افراد کی گرفتاری عمل میں آئی ہے۔ وزارت داخلہ نے تاکید کی ہے کہ جو کوئی بھی بارڈر سیکیورٹی قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے مملکت میں داخلے میں سہولت فراہم کرے گا یا انہیں مملکت کے اندر منتقل کرے گا، یا انہیں پناہ گاہ فراہم کرے گا، یا انہیں کسی بھی شکل میں کوئی مدد یا خدمت پیش کرے گا وہ خود کو 15 سال تک قید اور 10 لاکھ ریال تک کے جرمانے کی سزا کے سامنے پیش کرنے والا ہوگا۔ وزارت داخلہ نے عام شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کی اطلاع ہیلپ لائن نمبروں پر دیں۔ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، ریاض اور منطقہ شرقیہ کے علاقوں کے لیے نمبر 911 پر اطلاع دی جاسکتی ہے۔ ملک کے دیگر علاقوں میں 999 اور 996 کے ہیلپ لائن نمبر پر کال کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 15

کے 5000 اہلکار گلگت بلتستان بھجوائے جائیں گے۔ رائٹ مینجمنٹ فورس کے 1500 اہلکار گلگت بلتستان الیکشن کی سیکورٹی پر تعینات ہوں گے، اس کے علاوہ پنجاب کانسٹیبلری کے 1242، پنجاب ہائی وے پٹرول کے 1958 اہلکار گلگت بلتستان بھیجے جائیں گے۔ لاہور پولیس کے 300 اہلکار بھی سیکورٹی ڈیوٹی کے لیے بھجوائے جائیں گے، اس حوالے سے اے آئی جی آپریشنز نے ایس ایس پی ایم کی کو مراسلہ جاری کردیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اہلکاروں کو بھجوانے کے لئے مناسب ٹرانسپورٹ کا بندوبست کیا جائے، ٹرانسپورٹ اور عملے کی تفصیلات بھی سی پی او کو بھجوانے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 16

کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انتظامیہ کو ہدایت دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ عوامی مقامات پر سگریٹ نوشی کے خلاف موجود قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ صحت ہمارا بنیادی حق ہے اور ہمیں اپنی زندگی کو ہر قسم کے صحت کے خطرات سے محفوظ بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کا مشن عوام کو صحت مند زندگی اور تمباکو سے پاک ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت مند سندھ'' کے وژن کے تحت کھیلوں، تفریحی سرگرمیوں اور مثبت طرز زندگی کو فروغ دیا جارہا ہے تاکہ نوجوان نسل کو صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جا سکے۔ اپنے پیغام کے اختتام پر وزیر اعلیٰ سندھ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سندھ حکومت صحت مند زندگی کے فروغ اور تمباکو نوشی کے خلاف شعور اجاگر کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی، تاکہ آنے والی نسلوں کو تمباکو سے پاک، محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 17

کا امکان ہے، 2027 حج کے خواہشمند عازمین اپنے پاسپورٹ فوری تیار کروالیں، حج ایک مشترکہ ذمہ داری ہوتی ہے جس پر سیاست یا پوائنٹ سکورنگ نہیں ہونی چاہیے۔ وہ اتوار کو پاکستان حج مشن مکہ مکرمہ میں پوسٹ حج پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ ڈائریکٹر جنرل پاکستان حج مشن عبدالوہاب سومرو، چیف کوارڈینیٹر مرزا علی محمود، ڈائریکٹر حج مکہ محمد عارف سلام راؤ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے بتایا کہ حج 2026 کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگیا ہے، عازمین حج نے اپنے مناسک بخیر وعافیت ادا کیے، یہ کامیابی حکومتِ پاکستان، وزارتِ مذہبی امور، پاکستان حج مشن اور سعودی حکام کے مثالی تعاون کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایات کے مطابق عازمین کو بہترین سہولیات فراہم کی گئیں، پاکستان حج مشن کی کارکردگی کو سعودی وزیر حج کی سربراہی میں بین الاقوامی فورم پر بھی سراہا گیا، جہاں پاکستان نے مسلسل دوسرے سال ''بہترین ایکسی لنس ایوارڈ'' حاصل کیا، جو پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک لاکھ 80 ہزار عازمین کوٹے کے ساتھ پاکستان دنیا میں دوسرے نمبر پر ہے، رواں سال پرائیویٹ سیکٹر کو بھی بہترین کارکردگی پر تین ایوارڈز ملے۔ وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے کہا کہ رہائش، ٹرانسپورٹ اور خوراک کے بہترین انتظامات کی وجہ سے امسال شکایات کا تناسب ایک فیصد سے بھی کم رہا۔ انہوں نے کہا کہ روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کا دائرہ کار لاہور تک بڑھانے سے حج 2026 میں 80 فیصد عازمینِ حج نے فائدہ اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ مدینہ منورہ میں عازمین کے لیے مرکزیہ میں فائیو سٹارے ون سٹار تک بہترین ہوٹل حاصل کیے گئے تھے۔ وفاقی وزیر نے حج میڈیکل مشن اور سعودی جرمن ہسپتال کے تعاون کو سراہا، جنہوں نے خصوصی انتظامات کے تحت 146 شدید بیمار اور ضعیف حجاج کو وقوفِ عرفات اور طوافِ زیارت سمیت دیگر مناسک ادا کروائے۔ وفاقی وزیر نے فیک نیوز اور مس انفارمیشن کو بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا کہ حج 2026 میں بھی زمینی حقائق کے برعکس سوشل میڈیا پر فیک نیوز پھیلانے کی کوشش کی گئی تاہم مین سٹریم میڈیا نے ذمہ دارانہ کردار ادا کرتے ہوئے حقائق عوام کے سامنے رکھے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حج سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس موقع پر پوائنٹ سکورنگ یا سیاست نہیں ہونی چاہیے کیونکہ سب خدمت کے جذبے سے کام کررہے ہیں۔ انہوں نے سعودی قیادت، خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، سعودی وزیر حج ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ اور سعودی سفیر نواف سعید المالکی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ سعودی وزارت حج نے حج 1448ھ (2027) کی پالیسی اور ٹائم لائنز کا اعلان کردیا ہے اور نئے سیزن کی تیاریوں کا باقاعدہ آغاز ہوچکا ہے۔ سعودی ڈیڈ لائن کے مطابق حج پالیسی 2027 رواں سال جون میں وفاقی کابینہ میں پیش کردی جائے گی جس میں درخواستوں کی وصولی، پیکیج اور طریقہ کار طے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال بھی پہلے آ، پہلے پا کی پالیسی لاگو رہے گی، امکان ہے کہ آئندہ دو ماہ کے اندر حج 2027 کی بکنگ مکمل کرلی جائے گی لہٰذا خواہشمند افراد ابھی سے اپنے پاسپورٹ بنوا لیں۔ ہم مشائرِ مقدسہ میں بکنگ بروقت مکمل کرنے کی کوشش کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حج 2026 کے مشاہدات اور تجربات کی روشنی میں 2027 کے انتظامات کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال مدینہ سے مکہ ٹرین کے ذریعے سفر کا پائلٹ پراجیکٹ شروع نہیں ہوسکا تھا، تاہم حج 2027 کے لیے اس پر مزید کام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال بھی مسجد نبوی کے نزدیک ترین رہائشیں یقینی بنائی جائیں گی اور پرائیویٹ سیکٹر کو مزید فعال کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے مستقبل کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ سال عازمین کی میڈیکل فٹنس اور سکریننگ پر زیادہ توجہ دی جائے گی تاکہ صرف صحت مند عازمین کو ہی حج پر لایا جاسکے۔ اس کے علاوہ، عازمین کی رہنمائی کے لیے گروپ ناظمین کا انتخاب بروقت کرکے انہیں تربیت کے مرحلے سے ہی مصروف رکھا جائے گا تاکہ وہ امورِ حج کو بہتر سمجھ سکیں۔ عازمینِ حج کی تربیت کا دائرہ کار حاجی کیمپوں سے بڑھا کر ڈویژن کی سطح تک لے جایا جائے گا تاکہ عازمین با آسانی تربیت حاصل کرسکیں۔ آخر میں انہوں نے پوری قوم سے وطنِ عزیز کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا کی درخواست کی۔

بقیہ 18

ہے۔ واضح رہے کہ ایران نے چین اور روس کو آبنائے ہرمز میں خصوصی سہولتیں دینے کا اعلان کیا ہے، ایرانی پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی کا کہنا تھا کہ تہران اپنے قریبی شراکت دار ممالک کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا، آبنائے ہرمز سے گزرنے والے روسی اور چینی جہازوں کے ساتھ خصوصی تعاون کیا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان حالیہ مشاورتی اجلاس اہم رہے، موجودہ مذاکرات میں افزودہ یورینیم کی منتقلی کا معاملہ زیر بحث نہیں آیا۔

بقیہ 19

خبر رساں ادارے کے مطابق گزشتہ روز ایک بیان میں ایرانی فوج نے تجارتی بحری جہازوں اور آئل ٹینکروں کو کوئی وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا کہ آبنائے ہرمز پر ایران کا کنٹرول مستحکم ہے، تجارتی جہاز اجازت کے بعد آبنائے ہرمز عبور کرسکتے ہیں، اجازت نہ لینے والے جہاز اپنے لئے نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔ ایرانی فوج کا مزید کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز کے انتظام میں مداخلت کی کوشش پر کسی بھی فوجی بحری جہاز کو نشانہ بنایا جائے گا۔ پاسداران انقلاب کے مطابق 20 بحری جہاز 24 گھنٹے میں آبنائے ہرمز عبور کرچکے ہیں۔

بقیہ 20

ادرک لبسن 550 سے 600 روپے کلو فروخت ہونے لگا، سب مرچ 60 سے بڑھ کر 100 روپے پاؤ فروخت ہو رہی ہے۔ دھنیے پودینے کی گڈی کی قیمت بھی عام دنوں سے دگنی وصول کی جارہی ہے، گوشت گلانے کے لیے کچا پپیتا 150 سے 200 روپے کلو فروخت کیا جارہا ہے۔ سلاد کے استعمال کی اشیا کھیرا، ککڑی سلاد کے پتے بھی نایاب سبزیوں میں شمار ہونے لگے۔ کھیرا 150 روپے کلو، ککڑی 200 روپے کلو جبکہ سلاد پتہ 100 روپے پاتک فروخت کیا جارہا ہے۔ سبزی فروشوں کا کہنا ہے کہ ٹرانسپورٹ اور ٹرانسپورٹ کا بندوبست کیا جائے، ٹرانسپورٹ اور عملے کی تفصیلات بھی سی پی او کو بھجوانے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 21

مذہبی ہم آہنگی کے لئے امن کمیٹیوں کو فعال کرکے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز، اشتعال انگیز اور گمراہ کن مواد پھیلانے والے عناصر کے خلاف کریک ڈان کا فیصلہ کرلیا گیا۔ جس پر سرگودھا میں تھانہ ترکھانوالا پولیس نے سوشل میڈیا پر قابل اعتراض پوسٹیں شیئر کرکے مذہبی منافرت پھیلانے پر دو مقدمات اور منڈی بہاالدین پولیس نے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز پوسٹس شیئر کرنے پر ایک مقدمہ درج کرکے ملزمان کو گرفتار کرلیا اور سوشل میڈیا کی سخت مانیٹرنگ شروع کردی ہے۔

بقیہ 22

کے اقتصادی اثرات سے امریکا بھر کے گھریلو اخراجات میں بدترین اضافہ ہوگیا ہے اور اس جنگ نے صارفین پر تقریباً 60 ارب ڈالر کا اضافی بوجھ ڈال دیا ہے۔ موڈی اینالگلس کے ڈیٹا کے مطابق امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ کے آغاز 28 فروری سے امریکی صارفین کے ایندھن کے اضافی اخراجات اوسطاً 19،447 ڈالر ہوئے ہیں۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمت اور فضائی کرایوں میں اضافے کے باعث یہ اضافہ گزشتہ تین ماہ کے دوران امریکی صارفین پر مجموعی طور پر تقریباً 60 ارب ڈالر کا بوجھ ڈال چکا ہے۔ ماہر اقتصادیات نے خبردار کیا کہ اگر یہ تنازع جاری رہا تو امریکی صارفین پر مالی دباؤ مزید بڑھ سکتا ہے۔

بقیہ 23

نے کہا کہ وہ کسی جلدی میں نہیں، ورنہ اچھی ڈیل نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سارے پتے امریکا ہی کے پاس ہیں۔ اگر ایران کے ساتھ ایک اچھی ڈیل نہ ہوئی تو دوبارہ فوجی آپریشن کرنا پڑے گا۔

بقیہ 24

گیا تاکہ مہلک جراثیم سے شاہ فیصل کی عوام کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس موقع پر میونسپل کمشنر امجد علی پٹھان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کے عید الضحیٰ پر سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ اور محکمہ سینیٹیشن شاہ فیصل ٹاؤن کی کارکردگی قابل تعریف ہے انکے تمام افسران اور عملے نے جس محنت ولگن سے کام کیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی اس موقع پر ڈائریکٹر سینیٹیشن فرحان شبیر نے میڈیا کو بتایا کے ہم نے اپنے چیئرمین شاہ فیصل گوہر علی خٹک کی ہدایات پر من وعن عمل کیا ان کی خصوصی ہدایت تھی کے شاہ فیصل کی عوام کو عیدالضحیٰ پر تمام ممکنہ بلدیاتی سہولتیں فراہم کی جائیں اور ہم نے ایسا ہی کیا عوام کو سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچائی گئی اور انہوں نے مزید کہا کے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ نے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور ان کے اعلیٰ قیادت نے ہمارے ساتھ علاقے کا بھی دورہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر شاہ فیصل عبدالسمیع بھی موجود تھے اور انہوں نے بھی آلائشوں کو اٹھانے اور صفائی ستھرائی کے کام کی تعریف کی اور اپنے اطمینان کا اظہار کیا عید الاضحیٰ کے تیسرے روز آلائشیں اٹھانے کے جاری کام کے ساتھ ڈائریکٹر سینیٹیشن نے جمعۃ المبارک پر مساجد کے اطراف بھی صفائی ستھرائی کرائی گئی تاک نمازی حضرات کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پ

عیدِ قربان پر صاف ستھرا پنجاب کا بہترین انتظام

وزیرِ اعلیٰ مریم نواز کی گڈ گورننس سے عید خوشگوار گزری

لاہور سے آغا جی ڈسٹرکٹ رپورٹر NP نیوز ۔صاف ستھرا پنجاب۔ ہم پاکستانی اِس دفعہ بھی اللہ پاک کا شکر ادا کرتے ہیں کہ عید قربان کا تہوار خیر خیریت سے گزر رہے ۔ اور اس کا سہرا ہماری بہادر فوج اور سول حکومت کو جاتا ہے ۔ فوج نے سرحدوں پر پہرا دے کر ہماری حفاظت کی جبکہ سول حکومت نے لاء اینڈ آرڈر کو قائم رکھا۔اِسی طرح صوبہ پنجاب میں وزیرِ اعلیٰ محترمہ مریم نواز صاحبہ نے اِس عید پر ستھرا پنجاب کے حوالے سے اِس بار بھی بہترین کام اور انتظام کیا۔ جانوروں کی قربانی کے بعد اِن کی آلائشیں اُٹھوانیں کا بہترین اِنتظام کیا ۔ سڑکوں اور گلی محلوں میں صفائی کا بہترین انتظام اور پھر ان کو ٹھکانے لگوانے کا انتظام مزید برآں سڑکوں کی دُھلائی یہ سب کریڈٹ CM پنجاب کو جاتا ہے کہ جن کی گڈ گورننس سے صوبے کے کسی فرد یا کمیونٹی کو پریشانی نہیں ہوئی۔ دوسری طرف ہماری پولیس جس نے عید تعطیلات کے دوران آمن و امان اور لاء اینڈ آرڈر کو برقرار رکھا عوام اِن سب اداروں کی ممنون ھے کہ اِن سب کی مشترکہ کاوش سے عید کی تعطیلات میں کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہیں ھوا اور لوگوں نے اپنے اپنے انداز میں بھرپور طریقے سے اپنی اپنی خوشی کے لمحات سے لُطف اندوز ھوئے ۔ایک بار پھر عوام کا سلام تمام اداروں کے نام۔ ہم سب کا پاکستان زندہ باد پائندہ باد۔

پائیدار عمل بہت ضروری ہے

تھانہ لوہی بھیر کی کارروائی، 41 افراد گرفتار

ایس ایچ او یوسف جٹ کی قیادت میں غیر اخلاقی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی

اسلام آباد (رجب علی) ایس ایچ او تھانہ لوہی بھیر یوسف جٹ کی اہم کارروائی غیر اخلاقی سرگرمی میں ملوث مرد و خواتین سمیت 41 افراد گرفتار مقدمات درج۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات اور افسرانِ بالا کی ہدایات کی روشنی میں تھانہ لوہی بھیر پولیس نے غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 26 مردوں اور 15 خواتین سمیت مجموعی طور پر 41 افراد کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ لوہی بھیر محمد یوسف جٹ کی ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ملزمان و ملزمات کو حراست میں لے کر ان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ گرفتار افراد کو حسبِ ضابطہ پابندِ سلاسل کر کے مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ افسرانِ بالا نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ علاقے کے سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے اس کارروائی کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ لوہی بھیر محمد یوسف اور ان کی ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ شہریوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی جرائم اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے اسی طرح مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ لوہی بھیر محمد یوسف نے شہریوں کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور معاشرے سے جرائم کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ مشکوک اور غیر قانونی سرگرمیوں کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں تاکہ ایک پرامن، محفوظ اور مہذب معاشرے کے قیام کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی جرائم اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے اسی طرح مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ لوہی بھیر محمد یوسف نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ملزمان و ملزمات کو حراست میں لے کر ان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ گرفتار افراد کو حسبِ ضابطہ پابندِ سلاسل کر کے مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ افسرانِ بالا نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ علاقے کے سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں نے اس کارروائی کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ لوہی بھیر محمد یوسف اور ان کی ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ شہریوں

شیخوپورہ پولیس نے اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا

ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر کارروائیاں جاری رہیں گی

شیخوپورہ (شیخ محمد شفیق سلطانی بیورو چیف سے) شیخوپورہ ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر ضلع بھر میں اشتہاری مجرمان کے خلاف جاری مہم کے دوران تھانہ سٹی فاروق آباد پولیس نے اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے سیشن شاٹک پر کارروائی کے دوران 3 سال سے قانون کی گرفت سے فرار اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ سٹی فاروق آباد کی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کیا، جو گزشتہ تین سال سے مختلف مقامات پر روپوش ہو کر قانون نافذ کرنے والے اداروں سے بچنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ڈی پی او شیخوپورہ نے کارروائی میں حصہ لینے والی پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرمان اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکن عناصر کے لیے ضلع میں کوئی جگہ نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے شیخوپورہ پولیس اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے انجام دے رہی ہے۔

ساہیوال پولیس نے چوری و راہزنی کے گینگ کے 2 ارکان گرفتار

8 لاکھ 92 ہزار روپے مالیت کا مسروقہ مال برآمد، ڈی پی او کا احکامات

ساہیوال (رانا محمد اشرف جوئیہ سے) ساہیوال پولیس تھانہ سول لائن کی کارروائی چوری و راہزنی میں ملوث گینگ کے 2 ارکان گرفتار 8 لاکھ 92 ہزار روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کے احکامات کی روشنی میں ساہیوال پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں ہے اسی سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ سول لائن سب انسپکٹر محمد اویس کی زیر نگرانی پولیس ٹیم نے چوری و راہزنی میں ملوث گینگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 8 لاکھ 92 ہزار روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا۔

ایل ڈی اے کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف آپریشن شروع

ایل ڈی اے نے 170 املاک کو غیر قانونی استعمال پر سربمہر کیا، طاہر فاروق

Report rana tokir zameer

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹاؤن پلاننگ ونگ متحرک غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کا ایل ڈی اے کنٹرولڈ ایریا میں آپریشن ایل ڈی اے ٹیموں کی مختلف علاقوں میں کارروائیاں، 170 املاک سربمہر ایل ڈی اے ٹیموں کا گلبرگ، فیصل ٹاؤن، گلشن راوی، جی ٹی روڈ، پی سی ایس آئی آر کالج روڈ، علامہ اقبال ٹاؤن اور سبزہ زار میں 40 املاک کو سیل کر دیا سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، ریستوران، فوڈ پوائنٹ، بیوٹی سیلون، کلینک، گراسری سٹور شامل سیل کی گئی املاک میں بیکری، فارمیسی، آٹو ورکشاپ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں آپریشن چیف ٹاؤن پلاننگ ون اسد الزمان اور چیف ٹاؤن پلاننگ ٹو اظہر علی کی زیر نگرانی کیا گیا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندہ املاک کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

غیر قانونی کمرشل دکانوں کو سیل کر دیا ایل ڈی اے ٹیموں نے ریکوری آپریشن کے دوران علامہ اقبال ٹاؤن اور سبزہ زار میں 40 املاک کو سیل کر دیا سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، ریستوران، فوڈ پوائنٹ، بیوٹی سیلون، کلینک، گراسری سٹور شامل سیل کی گئی املاک میں بیکری، فارمیسی، آٹو ورکشاپ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں آپریشن چیف ٹاؤن پلاننگ ون اسد الزمان اور چیف ٹاؤن پلاننگ ٹو اظہر علی کی زیر نگرانی کیا گیا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندہ املاک کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

تحصیل چونیاں کے شہری صاف پانی جیسے بنیادی انسانی حق سے محروم کیوں؟

پنڈی بھٹیاں میں مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی

غریب اور سفید پوش طبقہ مہنگائی کے طوفان سے متاثر

پنڈی بھٹیاں (تحصیل رپورٹر) پنڈی بھٹیاں: مہنگائی کا طوفان اور سستی زندگی یہ پنڈی بھٹیاں کی وہ دھرتی ہے جہاں کبھی دال روٹی سکون سے مل جایا کرتی تھی، جہاں غریب شام کو گھر لوٹتا تھا تو بچوں کے چہروں پر مسکراہٹ دیکھ کر دن بھر کی تھکن بھول جاتا تھا۔ لیکن آج؟ آج اسی مٹی پر مہنگائی نے ایسا ڈیرہ ڈالا ہے کہ عوام کا جینا دوبھر ہو چکا ہے۔ اب یہاں صبح کا سورج امید کی کرن لے کر نہیں، بلکہ ایک نیا خوف اور نئی بے بسی لے کر طلوع ہوتا ہے۔ سفید پوشی کا بھرم ٹوٹ گیا مہنگائی کے اس بے رحم طوفان نے غریب تو غریب، اچھے بھلے سفید پوش طبقے کی کمر بھی توڑ کر رکھ دی ہے۔ بازار جاؤ تو آٹا، چینی، گھی اور دالیں عام آدمی کی پہنچ سے اتنی دور ہو چکی ہیں جیسے وہ کوئی عیاشی کی چیزیں ہوں۔ اب سوال صرف یہ نہیں رہا کہ "آج کیا پکے گا کیا؟" بلکہ اب سوال یہ ہے کہ "کیا آج رات بچے پیٹ بھر کر سو پائیں گے؟" دو وقت کی روٹی خواب بن گئی: وہ مزدور جو سارا دن چلچلاتی دھوپ میں پسینہ بہاتا ہے، شام کو جب خالی ہاتھ یا چند بے وقعت نوٹ لے کر گھر لوٹتا ہے، تو اپنے بچوں کی بھوکی نظروں کا سامنا کرنے سے کتراتا ہے۔ بلوں کا خوف: بجلی اور گیس کے بل اب صرف کاغذ کے ٹکڑے نہیں رہے، غریب کے لیے موت کا پروانہ بن چکے ہیں۔ خود کشیوں پر مجبور ہوتی معصوم زندگیاں سب سے دردناک اور روح کو جھنجھوڑ دینے والی بات یہ ہے کہ اب لوگ صرف بھوک کے نہیں سورہے، بلکہ اس بے بسی سے تنگ آ کر اپنی زندگیاں ختم کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ جب ایک باپ اپنے بیمار بچے کی دوا نہیں خرید پاتا، جب ایک ماں اپنے بچوں کو بھوک سے بلکتا دیکھتی ہے اور تندور سے دو روٹیاں لانے کی سکت بھی نہیں رکھتی، تو دل ٹوٹ جاتے ہیں۔ "خودی اور غیرت کے ماٹین پستا ہوا انسان جب ہر دروازہ بند پاتا ہے، تو وہ انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ پنڈی بھٹیاں کی گلیوں میں پھیلی یہ خاموشی دراصل ان سسکتی ہوئی ماؤں اور بے بس باپوں کی چیخیں ہیں جو اب تھک چکے ہیں۔" حکمران اور مقتدر حلقے کب جاگیں گے؟ کیا ان ایوانوں میں بیٹھے حکمرانوں کو پنڈی بھٹیاں کے ان غریبوں کی سسکیاں سنائی نہیں دیتیں؟ کیا انہیں اندازہ ہے کہ خود کشی کرنے والا کوئی ایک شخص نہیں مرتا، بلکہ اس کے ساتھ پورا خاندان زندہ در گور ہو جاتا ہے

گیریژن کالج کی غفلت، ہونہار طالبہ کا مستقبل تاریک

والدین کا انصاف کے لیے احتجاج، کالج انتظامیہ پر الزامات

جڑانوالہ (محمد طاہر ساقی) گیریژن کالج ستیانہ بنگلہ کی انتظامیہ کی سنگین غفلت ہونہار طالبہ کا مستقبل تاریک والدین کا انصاف کے لیے احتجاج گیریژن کالج اینڈ سائنس ستیانہ بنگلہ کی انتظامیہ کی مبینہ غفلت اور ہٹ دھرمی کے باعث ایک ہونہار طالبہ کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا۔ پرنسپل امتیاز بھٹی اور کلاس انچارج صبا امتیاز کی جانب سے بغیر کسی وجہ کے سیکنڈ ایئر کی طالبہ کشف مریم دختر محمد شاہد کا داخلہ بورڈ کو نہ بھیجا گیا جس سے طالبہ کا قیمتی تعلیمی سال ضائع ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ متاثرہ طالبہ کے والدین کے مطابق کشف مریم کالج میں باقاعدگی سے حاضر ہوتی رہی اور تمام تعلیمی اخراجات اور فیسیں بھی مقررہ وقت پر ادا کی گئیں اس کے باوجود کالج انتظامیہ کی جانب سے داخلہ نہ بھجوانا سراسر زیادتی اور بددیانتی ہے۔ جب طالبہ کے والدین نے اس سنگین معاملے پر پرنسپل امتیاز بھٹی اور کلاس انچارج صبا امتیاز سے وضاحت طلب کی تو انتظامیہ نے اپنے غلطی تسلیم کرنے کے بجائے الٹا دھمکیاں دینا شروع کر دیں۔ پرنسپل امتیاز بھٹی نے نہایت غیر ذمہ دارانہ رویہ اپناتے ہوئے والدین کو دھمکی دی کہ جو کرنا ہے کرلیں اور جہاں جانا ہے چلے جائیں ہم پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ والدین نے اس تعلیمی ادارے کی انتظامیہ کے اس غیر اخلاقی اور ظالمانہ رویے پر شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ متاثرہ طالبہ اور ان کے والدین نے سیکرٹری بورڈ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد وزیر تعلیم پنجاب اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے ہنگامی بنیادوں پر نوٹس لینے اور کالج انتظامیہ کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ علاقہ مکینوں اور والدین نے مطالبہ کیا ہے کہ اپنی من مانی اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے والے پرنسپل اور متعلقہ سٹاف کے خلاف فوری طور پر کارروائی کی جائے تاکہ کسی اور طالب علم کا مستقبل تباہ نہ ہو

حکومت ایک فیصد ایڈوانس ٹیکس ختم کرنے پر غور کر رہی ہے

برآمد کنندگان نے ٹیکسوں میں کمی کے مطالبات پیش کر دیے



ساروکی چیمہ وزیر آباد (محمد طلحہ افضل) بجٹ 2026 - 27ء اور مالی معیشت: وفاقی بجٹ 2026-27ء سے پہلے حکومت کی جانب سے برآمد کنندگان پر عائد ایک فیصد ایڈوانس ٹیکس ختم کرنے کی تجویز سامنے آ رہی ہے۔ بظاہر یہ فیصلہ برآمدی شعبے کے لیے مثبت قدم دکھائی دیتا ہے لیکن اصل سوال یہ ہے کہ کیا صرف ایک فیصد ٹیکس کا خاتمہ برآمدات کو حقیقی معنوں میں سہارا دے سکتا ہے؟ مالی سال 2024-25ء کے دوران پاکستان کی برآمدات تقریباً 33 ارب ڈالر تک پہنچیں جن میں ٹیکسٹائل سیکٹر کا حصہ 16 سے 17 ارب ڈالر کے درمیان تھا۔ حکومت برآمدی شعبے کو کچھ نہ کچھ ریلیف دیتی رہی ہے مگر زیادہ تر ریلیف ایک فیصد ایڈوانس ٹیکس ان کے ورکنگ کیپٹل کو متاثر کرتا ہے کیونکہ یہ ٹیکس منافع ہونے یا نقد ہونے سے قطع نظر ایکسپورٹ آمدن پر وصول کیا جاتا ہے۔ گزشتہ دو مالی سالوں کے دوران برآمد کنندگان نے تقریباً 200 ارب روپے اضافی ایڈوانس ٹیکس کی مد میں ادا کیے ہیں۔ اگر حکومت یہ ٹیکس ختم کرتی ہے تو برآمدی شعبے کو تقریباً 100 ارب روپے کا ریلیف مل سکتا ہے۔ تاہم یہ ریلیف اس وقت محدود محسوس ہو سکتا ہے جب زیرِ التوا ریفنڈز کی مالیت 327 ارب روپے سے تجاوز کر چکی ہو۔ تاہم اصل مسئلہ صرف ٹیکس نہیں بلکہ پیداواری لاگت ہے۔ پاکستان میں صنعتی بجلی کی قیمت تقریباً 5.11 سینٹ فی یونٹ ہے جبکہ بھارت میں 3.6 سینٹ، ویتنام میں 8 سینٹ اور انڈونیشیا میں صرف 5 سینٹ کے قریب ہے۔ اسی طرح ایک فیصد ٹیکس ختم کرنے سے کیا مکمل حل نکلے گا؟ برآمد کنندگان کے مطابق پاکستان میں برآمد کنندگان پر کارپوریٹ ٹیکس، سپر ٹیکس، ایڈوانس ٹیکس، ود ہولڈنگ ٹیکس، ورکرز ویلفیئر فنڈ، ورکرز پرافٹ پارٹیسپیشن فنڈ اور دیگر قانونی واجبات کا مالکار موثر ٹیکس بوجھ تقریباً 68 فیصد تک پہنچ جاتا ہے جو خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہے۔ ویتنام میں کارپوریٹ ٹیکس تقریباً 20 فیصد، بنگلہ دیش میں 22 سے 27.5 فیصد جبکہ بھارت میں 26 سے 34 فیصد کے درمیان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ ممالک اپنی برآمدات میں مسلسل اضافہ کر رہے ہیں جبکہ پاکستان عالمی منڈی میں اپنی مسابقت برقرار رکھنے کے لیے جدوجہد کر رہا ہے۔ برآمد کنندگان کی جانب سے فاسٹ ٹیکس ریجم کی بحالی، سپر ٹیکس کے خاتمے، کم از کم ٹرن اوور ٹیکس میں کمی اور ذیلی ٹیکسوں میں نمایاں کمی جیسے مطالبات سامنے آئے ہیں۔ لیکن موجودہ مالی حالات اور آئی ایم ایف پروگرام کی پابندیوں کے باعث حکومت کے لیے ان تمام مطالبات کو تسلیم کرنا آسان دکھائی نہیں دیتا۔ پاکستان کی برآمدات کو

ریلیف بیکیجز کی نہیں بلکہ ایک جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے کیونکہ عالمی منڈی میں مقابلہ ٹیکسوں سے نہیں بلکہ لاگت، رفتار، معیار اور ٹیکسوں کے تسلسل سے بچتا جاتا ہے۔ اگر حکومت نے یہ بنیادی اصلاحات نہ کیں تو ایک فیصد ٹیکس کا خاتمہ خبروں کی سرخی تو بن جائے لیکن شاید برآمدات میں وہ اصطلاحات نہ لا سکے جس کی بھی معیشت کو ضرورت ہے۔ اسی طرح بجٹ سے پہلے حکومت ایک ایسے فیصلے پر غور کر رہی ہے جس کے اثرات نہ صرف تیل کے شعبے بلکہ پوری معیشت پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ حکومت امریکہ ایران جنگ کے دوران تیل کی قیمتوں میں اضافے سے حاصل ہونے والے غیر معمولی منافع، جسے ونڈ فال گین کہا جاتا ہے، پر ٹیکس عائد کرنے پر غور کر رہی ہے جس کے تحت یہ اضافی منافع حاصل کرنے والی کمپنیوں سے تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے زائد ہونے کی صورت میں 72 ارب روپے صرف آئل مارکیٹنگ کمپنیوں سے حاصل ہونے کا تخمینہ ہے۔ ایک اہم تجویز 20 فیصد ونڈ فال گین ٹیکس کی ہے۔ اگر یہ ٹیکس نافذ ہوتا ہے تو حکومت کو تقریباً 26 ارب روپے اضافی آمدن حاصل ہو سکتی ہے۔ حکومت اس رقم کو براہ راست صارفین کو ریلیف دینے یا دیگر ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کرنے کے امکانات بھی جائزہ لے رہی ہے۔ 26 ارب روپے سے حکومت تقریباً دو لاکھ طلبہ کو چار سالہ اعلیٰ تعلیم کے مخالف فراہم کر سکتی ہے یا کئی سو بنیادی طبی مراکز قائم کر سکتی ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں لگانے سے زیادہ بہتر فیصلہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں براہ راست کمی ہو سکتا ہے۔ عوامی سطح پر یہ بہتر فیصلہ ہو سکتا ہے لیکن سرمایہ کاری کا شعبہ شاید اسے سپورٹ کرنے کا راستہ نہیں رکھتا۔ برطانیہ، آئرلینڈ اور یورپی یونین کے بعض دیگر ممالک بھی توانائی کمپنیوں پر ونڈ فال ٹیکس عائد کر چکے ہیں۔ برطانیہ نے 2022ء میں توانائی کمپنیوں پر 25 فیصد اضافی ٹیکس لگایا تھا جسے بعد میں بڑھا کر 35 فیصد کر دیا گیا۔ اس سے حکومت کو اربوں پاؤنڈ حاصل ہوئے اور عوام کو توانائی بلوں میں ریلیف فراہم کیا گیا۔ موجودہ حالات میں پاکستان کے عوام کو بھی ریلیف فراہم کرنا ناگزیر دکھائی دیتا ہے۔ پاکستان کی معیشت کو درپیش چیلنجز کے درمیان فری لانسنگ ایسا شعبہ ہے جو خاموشی سے نہ صرف روزگار پیدا کر رہا ہے بلکہ انتہائی کم لاگت سے ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ بھی کما رہا ہے۔ مالی سال 2025-26ء کے پہلے دس ماہ میں پاکستانی فری لانسرز 95 کروڑ ڈالر سے زائد زرمبادلہ ملک میں لائے جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ رجسٹرڈ آئی ٹی اور فری لانسرز پر صرف 0.25 فیصد ٹیکس ہے۔ نئے بجٹ میں اس شرح اور ٹیکس پالیسی کو تبدیل کرنے کے امکانات ہیں۔ پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ ایسوسی ایشن نے بجٹ تجاویز پر کہا ہے کہ اس شعبے کو فری لانسرز پر صرف 0.25 فیصد ٹیکس نظام متعارف کرانا چاہیے۔ امکان ہے کہ اس حوالے سے بجٹ میں کوئی فیصلہ سامنے آ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اطلاعات ہیں کہ وفاقی حکومت نے بجٹ 2026-27ء میں پانچ سالہ ٹیرف اصلاحاتی منصوبے کے دوسرے مرحلے کا اعلان کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت 3149 ٹیرف لائنز اضافی سٹرڈیوٹی میں کمی اور تقریباً 1950 ٹیرف لائنز پر ریگولیٹری ڈیوٹی کی زیادہ سے زیادہ شرح 50 فیصد سے کم کر کے 20 فیصد کر سکتی ہے۔ اس اقدام سے صنعتی شعبے کو تقریباً 200 ارب روپے کا ریلیف ملنے کی توقع ہے۔ پاکستان میں کئی صنعتیں برسوں سے بلند درآمدی ڈیوٹیوں کے سہارے چل رہی ہیں۔ آٹو موبل، سیمنٹ، بیکیجنگ، پلاسٹک اور بعض ٹیکسٹائل شعبوں پر موثر ٹیرف بعض اوقات 100 سے 150 فیصد تک پہنچ جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مقامی صنعتوں کو تحفظ ملا لیکن صارفین کو مہنگی اشیا خریدنا پڑیں اور برآمد حاصل نہ کر سکیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ 25 کروڑ آبادی والے پاکستان کی سالانہ برآمدات اب بھی تقریباً 35 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہیں جبکہ ویتنام 400 ارب ڈالر سے زیادہ اور بنگلہ دیش 60 ارب ڈالر زنکی برآمدات کر رہا ہے۔ پاکستان میں درآمدی گاڑیوں پر 100 فیصد ڈیوٹی اور 50 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد ہونے کے باعث جمودی ڈیوٹی 150 فیصد تک پہنچ جاتی ہے۔ نئی تجاویز کے تحت یہ شرح کم ہو کر تقریباً 70 فیصد رہ سکتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی، صارفین کے لیے زیادہ انتخاب اور مقامی کمپنیوں کے لیے معیار بہتر بنانے اور برآمد بڑھانے کا دباؤ پیدا ہو سکتا ہے۔ چین، ویتنام، ملائیشیا اور بنگلہ دیش نے ماضی میں اسی طرح کی اصلاحات کے ذریعے ہی برآمدی ٹیموں کے دن رات محنت کر کے ریٹنگ کی عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا،

بہاولنگر میں تعیناتیاں اور ترقیاں میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی: محمد عمران

ڈی پی او بہاولنگر نے پولیس ملازمین سے مسائل سنے، فوری احکامات جاری کیے

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ بیورو چیف بہاولنگر رانا شاہد عظیم سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران نے کہا ہے کہ ضلع بہاولنگر میں تمام تعیناتیاں اور ترقیاں خالصتاً میرٹ اور کارکردگی کی بنیاد پر یقینی بنائی جائیں گی تاکہ حق دار کو اس کا حق مل سکے۔ انہوں نے عبدالرزاق شہید پولیس لائنز بہاولنگر میں ایک خصوصی پولیس دربار میں پولیس افسران و جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ تمام ملازمین اور جوان موجودہ حالات کے پیشِ نظر انتہائی الرٹ رہ کر اپنے فرائضِ منصبی ادا کریں اور ایمانداری، خوش اخلاقی اور فرض شناسی ہماری پہچان ہونی چاہیے، عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ فرض میں غفلت یا کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس دربار کے انعقاد کا مقصد ماتحت عملے سے براہِ راست رابطہ قائم کرنا اور ان کے پیشہ ورانہ و ذاتی مسائل سے آگاہی حاصل کرنا تھا۔ ڈی پی او محمد عمران نے دربار میں موجود پولیس ملازمین اور افسران کے مسائل فرداً فرداً سنے اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ دربار میں پولیس افسران، جوانوں، ایلیٹ فورس اور لیڈیز پولیس نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

وزیرِ اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر رینالہ خورد میں بہترین صفائی انتظامات

عیدالاضحیٰ پر ستھرا پنجاب ایجنسی کی خدمات کو سراہا گیا، حاجی عامر سالک

رینالہ خورد (جنرل رپورٹر عمران چوہدری سے) سیاسی، سماجی، مذہبی رہنماؤں اور سول سوسائٹی سمیت شہریوں نے خراجِ تحسین پیش کیا، تفصیلات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی کے انتظامات پر وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ستھرا پنجاب ایجنسی (اوکاڑہ) تحصیل رینالہ خورد کے افسران اور ورکرز نے بہترین کارکردگی کے تمام ریکارڈ توڑ ڈالے، عیدالاضحیٰ کے موقع پر تحصیل بھر کی مسجدوں، عیدگاہوں، سڑکوں اور محلوں کو صاف ستھرا بنا کر سجاوٹ کی گئی اسی طرح دوسری جانب تحصیل بھر میں ستھرا پنجاب کی ٹیموں نے رات دو دو بجے تک آلائشیوں کو اٹھایا اور ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے عرق گلاب کی بوتلیں پانی میں مکس کر کے سڑکوں، محلوں کو دھویا گیا، جس پر سیاسی، سماجی، مذہبی رہنماؤں اور سول سوسائٹی سمیت شہریوں نے ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ تحصیل رینالہ خورد کی تمام انتظامیہ کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا، جبکہ ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ تحصیل رینالہ خورد کے ڈائریکٹر حاجی عامر سالک نے اتحاد پریس کلب رینالہ خورد کے قلم کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب کی سخت ہدایت پر ہماری ٹیموں نے دن رات محنت کر کے رینالہ کی عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا،

سوہاوہ کے دفاتر میں ملازمین کی کمی کی شکایت

وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے سٹاف کی کمی کی استدعا، طارق محمود مغل

طارق محمود مغل۔ خبر شامل کرتے ہیں سوہاوہ سے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت توسیع سوہاوہ سب ڈویژن آفیسر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سب ڈویژن سوہاوہ دفتر لائیو سٹاک تحصیل سوہاوہ یہ تینوں آفس تحصیل کچہری سوہاوہ سے ملحقہ ہیں ان دفاتر میں 20 سے 25 ملازمین ڈیوٹی پر مامور ہیں لیکن بدقسمتی سے 6 سے 7 ڈیوٹی پر موجود ہوتے ہیں جب کوئی ونڈر آتا ہے تو حاضر ہو جاتے ہیں انہیں پوچھنے والا کوئی نہیں اس امر میں وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ اور Ac زسوہاوہ غزالہ اصغر صاحبہ سے استدعا ہے کہ سٹاف کم کیا جائے تاکہ خزانے پر بوجھ کم ہو لہذا 10 سے 12 افراد کی تعیناتی کی جائے

نیلیاوالی میں لٹکتی بجلی کی تاریں خطرہ بن گئیں

اہلِ علاقہ کی واپڈا حکام سے فوری اقدامات کی درخواست

منڈی صادق گنج: گاؤں نیلیاوالی کے مین چوک میں لٹکتی بجلی کی تاریں حادثات کا خطرہ بن گئیں منڈی صادق گنج کے نواحی گاؤں نیلیاوالی کے مین چوک میں بجلی کی لٹکتی ہوئی تاریں اور خستہ حال کھمبے کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں۔ مقامی شہریوں کے مطابق بجلی کی تاریں انتہائی نیچی سطح پر لٹک رہی ہیں جبکہ بعض کھمبے بھی ٹیڑھے اور کمزور ہو چکے ہیں، جس کے باعث راہگیروں، مو